www.dailyhimmat.com.pk تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED
کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چمن سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ
فون نمبر: 2834643
فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

بانی: زمرد حسین (مرحوم)

روزنامہ ہمت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | منگل 13 اکتوبر 2026ء | 30 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 363

کے پی کے اور بلوچستان کے حالات کا کوئی موازنہ نہیں، بلوچستان وزیراعلیٰ

بلوچستان میں حکومت اس جنگ کو اپنی جنگ سمجھتے ہوئے اس کی ذمہ داری قبول کرتی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا میں ایسا نہیں کیا جارہا، بلوچستان اسمبلی کے تمام اراکین دہشت گردی کیخلاف ہیں، میر سرفراز بگٹی کا صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال

جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرکے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، محکمہ صحت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے حالات اور دونوں صوبائی حکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں کیا جاسکتا، آئین بنانے والے اکابرین نے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئین میں متعلقہ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سوئی میں ترقیاتی منصوبوں اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ اجلاس بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعادت اللہ خان بازئی نے صوبائی محتسب بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

صوبائی محتسب شہریوں کی شکایات کے ازالے اور سرکاری بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سعادت اللہ خان بازئی سے صوبائی محتسب بلوچستان کے عہدے کا بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے سپوت قوم کا فخر ہیں، شہباز شریف

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کا پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قدرتی آفات کے خطرات میں کمی قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کیلئے علاقائی سطح پر مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کوئٹہ کے بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پولیس کی گاڑی پر فائرنگ ایک اہلکار سمیت 2 افراد شہید

جنید، راہ گیر عطا محمد اور حارث زخمی ہوگئے، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کی گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار سمیت 2 افراد شہید جبکہ ایک اہلکار سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے علاقے جوائنٹ روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے پولیس کی گاڑی بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ یک فوج کا تربیتی طیارہ حادثے کا شکار، 2 پائلٹس شہید

شہدا میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل ہیں حادثے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا تربیتی طیارے کے حادثے پر افسوس کا اظہار، دونوں پائلٹس کی شہادت پر دلی رنج و غم ہے قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کا ایک زیر تربیت مشاق طیارہ تکنیکی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہوگیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق اس ناگہانی حادثے کے نتیجے میں طیارے میں سوار دونوں پائلٹس نے جام شہادت نوش کیا۔ شہدا میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کی بھرپور حمایت کرینگے، محسن نقوی

وفاقی صوبے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرے گا، وفاقی وزیر داخلہ کا اجلاس سے خطاب

سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے جدید ہتھیار، آلات اور دیگر ضروری وسائل فراہم کیے جائیں گے، گورنر فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے پیر کے روز اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کی مکمل حمایت کرے گی اور صوبے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ گورنر ہاؤس پشاور ترجمان کے مطابق وہ یہاں گورنر ہاؤس میں منعقدہ صوبائی اپیکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں

آئی ٹی پارک کوئٹہ نوجوانوں کے عالمی معیار کے کیریئر کا مرکز بنایا جائیگا، شہباز شریف

نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کے نئے مواقع کا سفر جاری رکھیں گے، وزیراعظم کا جائزہ اجلاس سے خطاب

صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں گے، ایف بی آر کے اصلاحاتی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کی فراہمی اور آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے اور دانش آئی ٹی پارک اسلام بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے سے ملاقات

بلوچستان میں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے جدید اور منظم سہولت کی دستیابی اہم پیشرفت ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خواتین کی معاشی ترقی سے متعلق اقدامات کو صوبائی حمایت حاصل ہوگی، گورنر بلوچستان

خواتین کی معاشی و سماجی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، اور انہیں اپنے حقوق و فرائض سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے مواقع میسر آئیں گے

کلب خواتین کو مثبت سماجی سرگرمیوں، پیشہ ورانہ روابط، ہنرمندی کے فروغ اور فلاحی منصوبوں میں شرکت کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کریگا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ لیڈیز کلب بلوچستان کا قیام ایک خوش بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چینی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرینگے، ہارون اختر خان

معاشی ترقی کو فروغ دینے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حوثیوں کے حملے، سعودی عرب کو میزائل انٹرسپٹرز کی قلت کا سامنا

سعودی عرب بیرون ملک سے مزید فضائی دفاعی نظام حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، رپورٹ

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثیوں کے حملوں کے بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، لیبیا، قطر اور ترکیہ کیساتھ توانائی تعاون بڑھانے کیلئے سرگرم

وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی تینوں ممالک کے وزرائے توانائی سے اہم ملاقاتیں

ریاض (آن لائن) پاکستان نے توانائی کے شعبے میں بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے، خام تیل کی درآمد کے ذرائع متنوع بنانے اور سمندر میں تیل و بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں دہشتگردی کے شواہد پھر سامنے آگئے

سی آئی اے کی سابق ٹارگٹنگ افسر نے افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کردی

اسلام آباد (این این آئی) افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان سے سرحد پار دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے آگئے۔ پاک فوج کے بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کا واقعہ قابل مذمت ہے، شاہد رند

جان کا نذرانہ پیش کرنیوالے اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، معاون وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے شہید امیر محمد دستی پولیس تھانے کی حدود میں میر ہوٹل کے قریب ایس ایچ او سٹیلائٹ ٹاؤن کی گاڑی پر نامعلوم ملزمان کی فائرنگ کے نتیجے میں ایک پولیس کانسٹیبل کی شہادت اور چار اہلکاروں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر داخلہ بلوچستان کا تربیتی طیارے کے حادثے پر افسوس کا اظہار

شہدا نے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا، ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سے ریاض کی 34 پروازیں منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے تمام ایئر بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سمنگلی روڈ توسیع منصوبے کی ادائیگیوں میں تاخیر کو جواز بنا کر نہ بنایا جائے، بلوچستان ہائیکورٹ

عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں ادارہ جاتی اختلافات اور معاوضے کی ادائیگی سے متعلق معاملات کو ترقیاتی کاموں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے

سرکاری اداروں کے عہدیدار ریاست اور عوام کے خادم ہیں، ذاتی یا ادارہ جاتی مفادات کے بجائے عوامی سہولت اور وسیع تر قومی مفاد کو ترجیح دیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ نے سمنگلی روڈ کی توسیع کے منصوبے میں پیش آنے والی رکاوٹوں کا نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اراضی کے معاوضے کی ادائیگی میں تاخیر کو منصوبے کی پیش رفت روکنے کا جواز نہ بنایا جائے اور کوئٹہ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر داخلہ بلوچستان کا تربیتی طیارے کے حادثے پر افسوس کا اظہار

شہدا نے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا، ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور نیدرلینڈز کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور نیدرلینڈز نے بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عاصم افتخار نے باضابطہ طور پر سیکریٹری خارجہ کا عہدہ سنبھال لیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ عاصم افتخار نے باضابطہ طور بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں قدرتی آفات سے بچاؤ کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں قدرتی آفات سے بچاؤ کا عالمی دن (آج) بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم میاں شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے درمیان ملاقات جلد متوقع

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم میاں شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے درمیان ملاقات جلد متوقع ہے اور رانا ثناء اللہ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشتگرد موجود ہیں، عطا تارڑ

پرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے، دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کررہے ہیں

پاکستان نے دنیا میں قیام امن کے لیے جو کیا اس سے ثابت ہے پاکستان حل نکال سکتا ہے، وزیر اطلاعات کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشت بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جناح پیپلز ٹرین کو یارو تک توسیع دینے کی قرارداد منظور

کوئٹہ سے چلاک تک جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز عوام کے لئے اہم اور قابل تحسین اقدام ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز کے اطراف حملوں میں شدت

ایرانی افواج دفاعی اور جارحانہ کارروائیوں کے لیے تیار ہیں، رپورٹ

ٹالشوں کے ذریعے ایران اور امریکا کے درمیان پیغامات کا تبادلہ جاری ہے

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز کے اطراف ہے، جبکہ امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف بحری جہازوں پر حملوں میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روس یوکرین میں توانائی تنصیبات پر حملے روکنے پر اتفاق ہوگیا، ٹرمپ

ٹرمپ نے پیوٹن سے اس معاملے پر اتفاق کیا ہے تو جنگ بندی کے آغاز کا وقت بتایا جائے، یوکرینی صدر

کیف/واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ روس اور یوکرین کے درمیان توانائی تنصیبات پر حملے روکنے کے لیے بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز کی بندش امریکی و اسرائیلی حملوں کا ردِعمل تھی، ایران

ہرمز کی بندش کسی فریق پر دباؤ ڈالنے یا اسے رعایتیں دینے پر مجبور کرنے کے لیے نہیں کی گئی

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مائنز اینڈ منرلز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مرکز اور خیبر پختونخوا ایک پیج پر آگئے ہیں، امیر مقام

عوام نے پی ٹی آئی کا دور حکومت ختم ہونے پر مٹھائیاں تقسیم کیں اور بھنگڑے ڈالے

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے کشمیر و گلگت بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حوثی ملیشیا کے 900 سے زائد ارکان ہلاک

یمنی فضائیہ نے جنوب مغربی محاذوں پر حوثی ملیشیا کی پیرکوں اور گوداموں کو بھی نشانہ بنایا

صنعا (آن لائن) یمنی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ جمہوری اقدار کے منافی ہے، بلاول بھٹو زرداری

کے پی کو فیڈریشن سے دور کیا جارہا ہے، سلسلہ یہاں نہیں رکے گا ملک بھر میں ایمرجنسی نافذ ہوسکتی ہے

آئین میں صرف آرٹیکل 232 اور 234 ہی شامل نہیں ہیں بلکہ آرٹیکل 1 (ون) بھی موجود ہے، جس کا احترام لازمی ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آئندہ سال اے آئی سائبر حملوں میں اضافہ ہوگا، بل گیٹس

سب سے بڑا خطرہ بدنیتی پر مبنی افراد کی جانب سے جدید اے آئی ماڈلز کے غلط استعمال میں ہے

واشنگٹن (این این آئی) مائیکروسافٹ کے شریک بانی بل گیٹس نے مصنوعی ذہانت کے غیر منظم استعمال سے بڑھتے ہوئے خطرات سے خبردار کرتے ہوئے بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

ممکنہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت سے بھی مدد حاصل کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کے ساتھ ہر جگہ پر ملنے کیلئے تیار ہوں، محمود اچکزئی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی غیر آئینی ہے پارلیمنٹ ہاؤس میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ وزیراعظم کے ساتھ ہر بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک فوج کے افسران کی شہادت ایک بڑا قومی نقصان ہے، بابر یوسفزئی

معاون برائے داخلہ کا کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے پر گہرے بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

طالبان کے پاس ایسی کوئی خفیہ ٹیکنالوجی نہیں جو ہمارے لئے ناقابل قبول ہو، ہم نے ان کے ساتھ کام کیا ہے، اسحاق ڈار

افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے، دھرتوں کی سیاست معیشت کیلئے نقصان دہ ہے

پاکستان کے وزیر خارجہ نے افغان طالبان پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد دینا بند کریں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا تھا۔ انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹیجک سٹڈیز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ دھرنوں اور احتجاج کے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

میجر حسنین شہزاد اور کیپٹن عبدالصمد کا سانحہ قومی نقصان ہے، نور محمد دمڑ

تربیتی طیارے کے حادثے میں پاک فوج کے افسران کی شہادت پر صوبائی وزیر خوراک کا اظہار افسوس

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کے افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ میجر حسنین شہزاد ہمایوں (انسٹرکٹر پائلٹ) اور کیپٹن عبدالصمد (اسٹوڈنٹ پائلٹ) کی جام

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی اسپیکر کا پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی فزالہ گلو نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان کا تربیتی طیارے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کو تکنیکی خرابی کے باعث پیش آنے والے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حادثے کے نتیجے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلعہ عبداللہ: جنگل پیر علی زئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 7 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علی زئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 7 افراد زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ چمن شاہراہ پر جنگل پیر علی زئی بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 7 افراد

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان زخمی

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان زخمی ہوگیا حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ بگٹی پی ٹی وی بوسٹر کے قریب موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم افراد نے بیرہ لونی کے رہائشی لوٹا خان ولد عظیم جان پر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ پریس کلب اور بی یو جے کا دو صحافیوں کی بیرون ملک روانگی سے قبل عصرانہ

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے کوئٹہ کے دو صحافیوں دانش مراد اور محمد حنیف کی بیرون ملک سکالرشپ پر تعلیم کے حصول روانگی سے قبل ان کے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بی کا سالانہ تبلیغی اجتماع 24 دسمبر سے شروع ہوگا، اختتامی دعا 27 دسمبر کو ہوگی

بی (یو این اے) بی میں سالانہ تبلیغی اجتماع 24 دسمبر 2026 سے شروع ہوگا، جو 26 دسمبر تک جاری رہے گا، جبکہ 27 دسمبر کو خصوصی اختتامی دعا کے ساتھ اجتماع اختتام پذیر ہوگا۔ اجتماع کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جمعیت کی سیاست منفی پروپیگنڈوں سے بے نیاز ہے، سینیٹر مولانا واسع

جمعیت علمائے اسلام کو سیاسی طور پر دیوار سے لگانے کی کوششیں ناکام ہوں گی، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے لورالائی، ژوب اور چمن کے دوروں سے واپسی پر کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی سیاست منفی پروپیگنڈوں اور میڈیا ٹرائل سے بے نیاز ہے، جمہوریت، امن اور ملکی استحکام کے لیے قربانیاں تاریخ کا سنہرا باب ہیں۔ جماعت نے ہمیشہ آئین، جمہوری اقدار، عوامی حقوق اور ملکی استحکام کے لیے اصولی سیاست کا راستہ اختیار کیا

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری مائنز بلوچستان سیدال لونی کی جاپانی قونصل جنرل سے ملاقات

معدنی شعبے کی ترقی صوبائی معیشت کو مضبوط اور روزگار کے مواقع پیدا کرسکتی ہے، سید ندیم عالم شاہ

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ بلوچستان کے سیکرٹری سیدال خان لونی نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں ہونے والی ملاقات میں بلوچستان کے معدنی وسائل کی اہمیت اور مائننگ کے شعبے میں ترقی کے امکانات کو اجاگر کرنے، مائننگ سیکٹر میں سرمایہ کاری، باہمی تعاون کے امکانات، پاکستان اور جاپان کے دوطرفہ تعلقات کا فروغ، تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی)، ٹیکنیکل ایجوکیشن، پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

علاقے کی ترقی بنیادی مقصد اور نصب العین ہے، میر سلیم کھوسہ

بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کی خدمت کا پوری لگن اور خلوص کیساتھ جاری رکھوں گا

مرحوم میر ظہور حسین خان کھوسہ نے اپنی زندگی عوام کی خدمت، علاقے کی بہتری اور لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان کی گراں قدر خدمات علاقے کی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہیں،

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حاجی ولی محمد نورزئی کا کوئٹہ میں فوجی تربیتی طیارے کے حادثے پر اظہار افسوس

میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت قومی نقصان ہے، حاجی ولی محمد نورزئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رکن اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے کے نتیجے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں شہادت قومی نقصان ہے۔ انہوں نے کہا

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے اجلاس

اجلاس میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات، سیکیورٹی پلان، ٹیموں کی تعیناتی کیلئے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد اللہ بادینی کی زیر صدارت 2 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے ڈی پیک (DPEC) اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ٹیکنیکل ای او سی کے ممبران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کے پی میں ایمرجنسی نفاذ جمہوریت کے منافی ہے، یونس عزیز زہری

ڈکٹیٹروں جیسے اقدامات سے ملک مزید پیچھے چلا جائیگا، بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی گورنر راج کی سخت ترین الفاظ میں مخالفت کرتے ہوئے اس اقدام کو جمہوریت کا گلا گھونٹنے کے مترادف قرار دیا ہے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے یونس عزیز زہری نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سے ان کے اور اپوزیشن جماعتوں کے لاکھ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس میں نواں کلی طیارہ حادثے کے شہدا کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں رکن

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ پولیس کی کارروائی 7 ملزمان کو گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، مطلوب، اشتہاری، مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ جبکہ 8 گاڑیوں سے کالے شیشے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کردیا

اراکین اسمبلی کو قانون سازی اور پارلیمانی امور میں ایک ہی چھت تلے سہولیات میسر آئیں گی، طاہر شاہ

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کردیا، اراکین اسمبلی کو پارلیمانی امور میں معاونت کے لیے یکجا سہولیات فراہم ہوں گی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ کی اراکین اسمبلی کو مرکز کے اغراض و مقاصد، سہولیات اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اسپیکر بلوچستان

پائلٹس کی شہادت ملک کیلئے ناقابلِ تلافی نقصان ہے، حمزہ زہری

دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت ملک و قوم کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، اپوزیشن لیڈر یونس زہری، ڈاکٹر مالک بلوچ و دیگر ملاقات کررہے ہیں

دل سال کا پہلا سانحہ ہے، ہم نے دل جلے تیئس فیصلوں کے اہل خانہ کے ہیں، زرخزنہ

پاکستان عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی بڑھانے، بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی مدت طویل اور سرمایہ کاری کے ذرائع متنوع بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے

شرق وسطیٰ میں جاری تنازع اور تیل کی بلند قیمتوں کے باوجود ملک کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زیادہ شرح نمو حاصل کریگی، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی بڑھانے، بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی مدت طویل کرنے اور سرمایہ کاری کے ذرائع متنوع بنانے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع اور تیل کی بلند قیمتوں کے باوجود ملک کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زیادہ شرح نمو حاصل کریگی، پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں گزشتہ سال اپریل سے اب تک تین مرتبہ بہتری آئی ہے، حکومت کا ہدف ملک کو ڈبل بی کیٹیگری میں لانا ہے،

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بولان ریسرچ اکیڈمی کا قیام اہم پیش رفت ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان میں دہائیوں سے جاری غلط رسومات ختم کرنے کی ضرورت ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بولان ریسرچ اکیڈمی کا قیام بلوچستان میں علمی، تحقیقی اور فکری سرگرمیوں کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ علم تحقیق و وسائل کا درست استعمال ہی بلوچستان کے روشن

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اینٹی نارکوٹکس فورس نے گاڑی سے 20 کلو گرام چرس اور 14 کلوگرام آئس برآمد کرلی

چمتر (این این آئی) ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس فورس نے گاڑی سے بھاری مقدار میں چرس اور آئس برآمد کرلی جبکہ ملزمان فائرنگ کے تبادلے کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس آفیسر جعفر آباد

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حب پولیس نے ڈکیتی، غیر قانونی اسلحہ اور منشیات کے مقدمات میں 3 ملزمان گرفتار کرلیا

حب (یو این اے) حب سٹی پولیس نے تین مختلف کامیاب کارروائیوں کے دوران ڈکیتی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور منشیات فروشی میں ملوث 3 ملزمان کو

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایئرپورٹ روڈ پر ٹرین کی زد میں گاڑی آنے سے ڈرائیور زخمی

کوئٹہ (آن لائن) ایئرپورٹ روڈ پر ٹرین کی زد میں گاڑی آنے سے ڈرائیور زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ایئرپورٹ روڈ پر ٹرین کی زد میں گاڑی آنے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا ہنگامی اجلاس 13 اکتوبر کو طلب

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی چیئرمین علی احمد کرد نے ایکشن کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس کل بروز منگل 13 اکتوبر کو کراچی ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن میں طلب کیا ہے جس میں ملک

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر حیات خان اچکزئی کا اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے افسوسناک حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی، پی ٹی وی بوسٹر کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ نوجوان زخمی

پولیس نے زخمی کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا، حالت خطرے سے باہر، مقدمہ درج

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان زخمی ہوگیا، جبکہ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پی ٹی وی بوسٹر کے قریب موٹر سائیکل سوار نامعلوم افراد نے بیرہ لونی کے رہائشی لوٹا خان ولد عظیم جان کو فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے زخمی نوجوان کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈیرہ بگٹی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نارکوٹ اور باغ میں شدید ژالہ باری سے فصلیں اور سولر پینلز تباہ

غریب کاشتکار شدید معاشی بحران کا شکار ہے، میر طارق محمود کھیتران

کوئٹہ (یو این اے) سینئر سیاستدان اور سابق صوبائی وزیر میر طارق محمود کھیتران نے رخنی اور نارکوٹ، باغ اور اردگرد نواح میں ہونے والی غیر معمولی شدید ژالہ باری سے پیدا ہونے والی صورتحال پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناہموار موسم اور شدید ژالہ باری کے باعث علاقے میں کاشتکاروں کی تیار فصلیں، بالخصوص سبزی اور کپاس، مکمل طور پر تباہ ہوچکی ہیں جس سے مقامی زمینداروں کو سنگین معاشی بحران کا سامنا ہے۔ ان

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

فیز تھری کے منصوبوں پر پیش رفت اور ان پر عملدرآمد کے حوالے سے بھی غور وخوض کیا گیا

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایکسین پی ایچ آر، روڈز، بلڈنگز، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، کیا ایلیسنز کے علاوہ لوکل گورنمنٹ کے افسران سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی، پی ٹی وی بوسٹر کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ نوجوان زخمی

پولیس نے زخمی کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا، حالت خطرے سے باہر، مقدمہ درج

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان زخمی ہوگیا، جبکہ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پی ٹی وی بوسٹر کے قریب موٹر سائیکل سوار نامعلوم افراد نے بیرہ لونی کے رہائشی لوٹا خان ولد عظیم جان کو فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے زخمی نوجوان کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈیرہ بگٹی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر 3 ماہ کی فیس وصول کرنے کی وضاحت کریں، رشید کاکڑ

پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے پر مجبور ہوگئے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس کے صدر ملک رشید کاکڑ، جنرل سیکرٹری محمد نواز چنداڑانی اور ترجمان حاجی سلیم ناصر نے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ نجی اسکولوں کو 3 ماہ کی فیس وصول کرنے کے عدالتی فیصلے کی فوری طور پر وضاحت کریں بصورت دیگر بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشنز الائنس توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے پر مجبور ہوگئے، بلوچستان میں کورونا کے دوران 475 پرائیویٹ اسکول بند ہوئے جس سے ہزاروں کی تعداد میں بچوں کا بوجھ بھی پرائیویٹ تعلیم اداروں نے اٹھایا صوبے میں 30 لاکھ بچے آؤٹ آف سکول ہیں جنہیں اسکولوں میں لانے کیلئے پرائیویٹ ادارے اپنا بھرپور

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلال خان کی زیر صدارت اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم کے حوالے سے اجلاس

مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنے اور تقریب کو مؤثر بنانے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت 21 اکتوبر کو لاہور میں منعقد ہونے والے بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں سی ای او عبدالمنان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں فورم کے انعقاد کے انتظامات، سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات کی شرکت، مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنے اور تقریب کو مؤثر بنانے کے لیے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر فورم کے اغراض و مقاصد اور بلوچستان میں سرمایہ کاری

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان لطیف کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

ڈاکٹر برادری کیساتھ ملکر جدوجہد جاری رکھی جائیگی، ڈاکٹر نعیم زرکون

کوئٹہ سے گجرات تک کا سفر طے کرکے کنونشن میں شرکت ڈاکٹر برادری کیساتھ یکجہتی کا مظہر ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر زرگ محمد شاہی اور جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر احمد عباس نے گجرات میں منعقدہ گرینڈ ڈاکٹرز کنونشن میں بلوچستان کی نمائندگی کی، جہاں ملک بھر سے آئے ہوئے ڈاکٹرز نے شعبہ طب اور معالجین کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا۔ کنونشن کے آغاز میں صدر پی ایم اے پنجاب ڈاکٹر کامران سعید نے شرکا کو خوش آمدید کہا، جس کے بعد صدر پی ایم اے پاکستان ڈاکٹر افتخار چوہدری اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالغفور شورو نے میڈیا بریفنگ دی۔ مرکزی قیادت نے ایف پی آر سے متعلق مسائل کے فوری اور خوش اسلوبی سے حل کا مطالبہ کرتے ہوئے بامعنی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی DICC کا اہم اجلاس ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود امن و امان اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی اور صوبائی مشیر مینا بلوچ اسمبلی میں ملاقات کررہے ہیں

اوستہ محمد، دو گروپوں میں فائرنگ عورت سمیت چار افراد شدید زخمی

زخمیوں کو طبی امداد دی گئی کی حالت تشویش ہونے پر لاڑکانہ ریفر کردیا گیا

اوستہ محمد (نامہ نگار) زور گڑھ تھانہ کے حدود چھپرانی جمالی کے دو گروپوں میں معمولی بات پر فائرنگ جس کے نتیجے میں عورت سمیت چار افراد شدید زخمی

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے تاجروں کے وفد کی ملاقات

اسلام قاسم کے گھر پر فائرنگ کے واقعے سے تاجر برادری میں تشویش پائی جاتی ہے

تربت (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے انجمن تاجران کیچ کے صدر نثار آدم جوکی کی سربراہی میں تاجروں کے وفد نے ملاقات کی اور آبسر میں انجمن تاجران کیچ کے فنانس سیکرٹری اسلام قاسم کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلات، نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص ہلاک

پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی

قلات (این این آئی) قلات میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو قلات کے علاقے محلہ گوم میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص میر احمد کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

ہمت کوئٹہ / مستونگ
پرنٹر و پبلشر نادر حسین زمرد نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت ہیلپ روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد
081 - 2005129
081 - 2011314
نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دہشتگردی کے سامنے ریاست آنکھیں بند نہیں رکھ سکتی، ظہور بلیدی

بلوچستان کی حکومت مضبوطی کے ساتھ ریاست اور وفاق کے ساتھ کھڑی ہے، کے پی کے 10 اضلاع نوگوایریا بنے ہوئے ہیں

کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا فیصلہ بالکل درست اور وقت کی ضرورت ہے: بلوچستان اسمبلی میں صوبائی وزرا کا اظہار خیال

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس میں خیبر پختونخوا کی تازہ ترین صورتحال پر بحث کے دوران صوبائی وزرا نے وفاق کے اقدام کا دفاع کیا ہے۔ صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج اگر خیبر

بقیہ 48 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ جمہوریت پر ایک بدنما داغ ہے، مولانا محمود الحسن

فارم 47 جشن منا رہے ہیں ملک عملی طور پر ایک ایسے جنگستان میں تبدیل ہو چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی گورنر راج کی نفاذ کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کے نام پر امریت کا چہرہ قوم کے سامنے طشت از بام ہو گئی۔ ملک میں جمہوریت کے نام پر قائم حکمرانی کے نظام کا اصل چہرہ بالآخر عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے۔ جمہوریت کا ڈھنڈورا پیٹنے والے اس نظام نے عملی طور پر ملک کو معاشی ابتری، ادارہ جاتی زوال

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فیصلہ کن اور مستقل حکمت عملی ضروری ہے، سینیٹر عبدالقادر

امن، سیاسی مفاہمت اور معاشی بحالی کو یکساں ترجیح دی جائے، روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں

کوئٹہ

کوئٹہ: سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر اور چیئرمین بورڈ آف گورنرز نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹ سید جاوید اقبال، روشن خورشید بروچہ کلچر ڈیپارٹمنٹ اور نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹ کے درمیان آرٹس، تھیٹر اور ثقافتی ترویج کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین بھی موجود ہیں

جمعیت علما اسلام ایک پرامن جماعت ہے، قاری عبدالمالک

کوئی دیوار جمعیت کے کارکنان کا راستہ نہیں روک سکتی، صحبت پور میں مدرسہ حمادیہ میں بے یو آئی کا اہم اجلاس

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں جمعیت علما اسلام کا ایک اہم تنظیمی اجلاس تحصیل پہنور کے سنہڑی مدرسہ حمادیہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت مدرسہ کے مہتمم اور بے یو آئی کے سابق ضلعی امیر قاری عبدالمالک نے کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قاری عبدالمالک نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ جمعیت علما اسلام ایک پرامن مذہبی اور سیاسی جماعت ہے جو شرافت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، تاہم ہماری اس شرافت کو کمزوری نہ سمجھا جائے اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کی جائے۔ انہوں نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کوئی دیوار نہیں بنی جو جمعیت کے کارکنان کا راستہ روک سکے۔ جب بھی مرکزی قیادت کی جانب سے احتجاج کی کوئی کال آئے گی، بے یو آئی کے جیالے کارکنان سر پر کفن باندھ کر میدان میں نکلیں گے۔ اجلاس کے آخر میں ملک و قوم کی سلامتی، استحکام اور امن کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

خضدار میں چائے کا کاروبار اہم معاشی سرگرمی اختیار کر گیا

خضدار (یو این اے) خضدار شہر میں چائے کا کاروبار بھی معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے۔ زیرو پوائنٹ سے لے کر سٹی تک تقریباً 130 چھوٹے بڑے ہوٹلوں میں روزانہ ہزاروں کپ چائے فروخت ہونے کا اندازہ لگایا جا رہا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اگر ہر ہوٹل میں روزانہ اوسطاً 40 کلو دودھ چائے بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے تو ان 130 ہوٹلوں میں مجموعی طور پر 5 ہزار 200 کلو دودھ روزانہ صرف چائے کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے، جبکہ ماہانہ یہ مقدار ایک لاکھ 56 ہزار کلو اور سالانہ تقریباً 19 لاکھ کلو تک پہنچ جاتی ہے۔ اگر ایک کپ چائے میں اوسطاً 100 ملی لیٹر دودھ استعمال ہونے کا حساب لگایا جائے تو ان ہوٹلوں میں روزانہ تقریباً 52 ہزار کپ چائے تیار ہونے کا تخمینہ بنتا ہے۔ اسی حساب سے روزانہ تقریباً 520 کلو پتی اور 104 کلو چائے کی پتی استعمال ہونے کا اندازہ ہے۔ اگر ایک کپ چائے کی اوسط قیمت 60 روپے فرض کی جائے تو ان ہوٹلوں میں صرف چائے کی روزانہ مجموعی فروخت تقریباً 31 لاکھ 20 ہزار روپے، ماہانہ 9 کروڑ 36 لاکھ روپے اور سالانہ ایک ارب 13 کروڑ 88 لاکھ روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ یہ اعداد و شمار صرف چائے کی ممکنہ فروخت کے ہیں، جن میں ہوٹلوں پر فروخت ہونے والی روٹی، پراٹھے، انڈے، سالن، کھانے پینے کی دیگر اشیا اور مشروبات کی آمدنی شامل نہیں۔

ملک میں جمہوریت، آئین اور عوامی مینڈیٹ کی دھجیاں اڑائی دی گئی ہیں، احمد خان

افغان قومی موومنٹ خیبر پشتونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور گورنر راج کے اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے خیبر پشتونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور گورنر راج کے اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات خیبر پشتونخوا سے کئی گنا زیادہ سنگین ہیں لیکن وہاں پر مارشل لا کے آقاؤں کی حکمرانی ہے اس لئے خاموشی تو فتنی ہے ملک میں غیر آعلانیہ مارشل لا کے نفاذ کا خیبر پشتونخوا میں نمودار ہونے سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت کا نام ونشان تک نہیں ہے اس نارواغیر آئینی اور غیر جمہوری اقدام کے ذریعے جمہوریت، آئین اور عوامی کی دھجیاں اڑادی گئی ہیں انھوں نے کہا کہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور بدامنی کو جواز بنا کر وہاں پر نام نہاد ایمرجنسی کے نام پر مارشل لا جیسے حالات پیدا کرنا مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے ماتے پر کلنک کے مترادف اقدام ہے فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آنے کے الزامات کا سامنا کرنے والے حکمران آج عوامی مینڈیٹ کی بات کرنے کے بجائے اسی جمہوریت کو کمزور کرنے کے اقدامات کی حمایت کر رہے ہیں

چیف مشنری ٹرسٹ ایسوسی ایشن کی جنرل سیکرٹری ثمری واحد چوہدری نیامت اور پیٹر جامی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نیوکلی میں محکمہ ایریگیشن کا برساتی پانی کے خطرات سے بچاؤ کیلئے پروٹیکشن وال کی تعمیر جاری

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی میں محکمہ ایریگیشن کی جانب سے برساتی پانی کے خطرات سے بچاؤ کے لیے پروٹیکشن وال کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ منصوبے کی نگرانی ایگزیکٹو انجینئر محکمہ ایریگیشن محمود خان مندوخیل کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیوکلی میں برساتی پانی کی گزرگاہوں کے اطراف پروٹیکشن وال کی تعمیر کا مقصد آبادی کو بارشوں کے دوران ممکنہ سیلابی ریلوں اور پانی سے ہونے والے نقصانات سے محفوظ رکھنا ہے۔ مقامی عوامی و سماجی حلقوں کے مطابق ان حفاظتی دیواروں کی تعمیر سے برساتی پانی کے خطرات میں کمی آنے کی امید ہے، جس سے علاقے کے مکینوں کو تحفظ فراہم ہوگا۔ عوامی و سماجی حلقوں نے منصوبے پر جاری کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیوکلی جیسے گنجان آباد علاقے میں برساتی پانی سے بچاؤ کے لیے حفاظتی اقدامات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری ایریگیشن بلوچستان اور ایگزیکٹو انجینئر محمود خان مندوخیل سے اپیل کی کہ نیوکلی کی طرز پر ضلع کوہستان مری کے دیگر حساس علاقوں میں بھی برساتی پانی کی گزرگاہوں پر پروٹیکشن وال تعمیر کی جائیں تاکہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بائلٹر لورالائی میں بی ایس نرسنگ میں داخلوں کے لیے ٹیسٹ خوش اسلوبی سے اختتام پذیر

نرسنگ کے شعبے کے فروغ سے صوبے میں معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی، ڈی ایچ او لورالائی

لورالائی (یو این اے) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BIUTEMS) لورالائی میں بی ایس نرسنگ پروگرام میں داخلوں کے لیے نرسنگ کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (NCAT) کا میابی اور خوش اسلوبی سے اختتام پذیر ہوگیا۔ ٹیسٹ میں 120 مرد و خواتین امیدواروں نے شرکت کی، جنہوں نے نرسنگ کے شعبے میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے اور مستقبل میں صحت کے شعبے میں اپنی خدمات انجام دینے کے لیے امتحان دیا۔ ٹیسٹ کا انعقاد بائلٹر لورالائی کے عملے کی زیرِ نگرانی کیا گیا، جس کے لیے ضروری انتظامی امور اور امتحانی انتظامات مکمل کیے گئے تھے۔ امتحان کے دوران امیدواروں کو مناسب ماحول فراہم کرنے اور ٹیسٹ کے تکمیل کو منصفانہ انداز میں مکمل کرنے پر توجہ دی گئی۔ بائلٹر کے عملے نے امتحانی امور کی نگرانی کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں، جس کے نتیجے میں ٹیسٹ بغیر کسی ناخوشگوار واقعے کے کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) لورالائی ڈاکٹر فہیم اتمانخیل اور پرنسپل نرسنگ کالج لورالائی نے امتحانی ہال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ٹیسٹ کے انتظامات، امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور امتحانی عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بائلٹر لورالائی کے عملے کی محنت، تعاون، نظم وضبط اور ذمہ دارانہ کردار کو سراہا۔ انہوں نے ٹیسٹ کے کامیاب انعقاد پر ادارے کے عملے کا شکریہ بھی ادا کیا۔ نرسنگ کا شعبہ صحت کے نظام میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ تربیت یافتہ نرسیں مریضوں کی دیکھ بھال، علاج معالجے میں معاونت، صحت عامہ کی بہتری اور طبی اداروں میں خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ بی ایس نرسنگ میں داخلوں کے لیے منعقدہ یہ ٹیسٹ ان امیدواروں کے لیے ایک اہم مرحلہ ہے جو پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کر کے صحت کے شعبے میں اپنا مستقبل بنانا چاہتے ہیں۔ لورالائی سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں معیاری تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے مواقع کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسے داخلہ ٹیسٹ نوجوانوں کو اپنی تعلیمی صلاحیتوں کے اظہار اور پیشہ ورانہ شعبوں میں آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ نرسنگ کی تعلیم کے فروغ سے مستقبل میں تربیت یافتہ طبی عملے کی دستیابی اور صحت کی سہولیات کی بہتری میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

گندانہ شہر کی مرکزی امام بارگاہ گلی اور مین بازار میں ٹف ٹائل اور سیوریج کا کام تیزی سے جاری

ترقیاتی کاموں سے شہریوں کو آمدورفت کی بہترین سہولیات میسر آئیں گی اور شہر خوبصورت ہوگا

گندانہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، قبائلی و سماجی رہنما وڈیرہ میر نور حسین خان جمالی کی تجویز کنندہ اسکیم اور میونسپل کمیٹی گندانہ کے کونسلر استاد ذوالفقار علی چاوڑا کے فنڈ سے گندانہ شہر کی مرکزی امام بارگاہ گلی اور مین بازار اسٹریٹ میں ٹف ٹائل اور سیوریج سسٹم کا بہترین کام جاری ہے۔ اس ترقیاتی کام کا مقصد شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا اور شہر کی گلیوں و بازاروں کو بہتر بنانا ہے۔ مرکزی امام بارگاہ گلی خصوصی اہمیت کی حامل ہے، جہاں روزانہ شہریوں کی آمدورفت رہتی ہے، جبکہ محرم الحرام کے دوران ماتمی جلوس بھی اسی راستے سے گزرتے ہیں۔ ٹف ٹائل کی تنصیب سے مرکزی جامعہ مسجد و امام بارگاہ آنے جانے والے نمازیوں، شہریوں اور عزاداروں کو سہولت میسر آئے گی، جبکہ محرم الحرام میں ماتمی جلوسوں کی گزرگاہ بھی بہتر ہوگی۔ اس کے علاوہ مین بازار اسٹریٹ میں ٹف ٹائل لگنے سے دکانداروں، خریداروں اور عام شہریوں کو بھی فائدہ پہنچے گا، جبکہ شہر کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر اہلیان علاقہ نے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، قبائلی و سماجی رہنما وڈیرہ میر نور حسین خان جمالی اور میونسپل کمیٹی گندانہ کے کونسلر استاد ذوالفقار علی چاوڑا کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا۔

صدر تھانے کی حدود میں امن وامان ہر صورت برقرار رکھا جائے گا، عبدالعزیز

سیوی (یو این اے) ایس ایچ او صدر پولیس عبدالعزیز سولنگی نے کہا ہے کہ صدر تھانے کی حدود میں امن وامان ہر صورت برقرار رکھا جائے گا اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی جانب سے شام کے اوقات میں گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ مشکوک افراد کی چیکنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر اور بلوچستان میڈیا فورم کے جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل سے دوران گفتگو کیا ایس ایچ او صدر پولیس عبدالعزیز سولنگی کا کہنا تھا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہے۔ صدر تھانے کی حدود میں جرائم کی روک تھام، مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھنے اور امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے پولیس اہلکاروں کو متحرک رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ شام کے اوقات میں گشت کا مقصد شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے قبل مؤثر اقدامات کرنا ہے۔ پولیس مشکوک افراد اور سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے تاکہ علاقے میں امن وسکون کی فضا برقرار رکھی جاسکے۔ ایس ایچ او عبدالعزیز سولنگی نے مزید کہا کہ قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ وہ اپنے اردگرد مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں تاکہ جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ کے لیے بروقت اقدامات کیے جاسکیں

گیس کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے کوئٹہ میں جاری گیس لوڈ شیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کی مسلسل بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے گیس حکام کی جانب سے عوام کو درپیش مشکلات کے حل میں غفلت باعث افسوس ہے۔

ایس ایچ او جناح ٹاؤن کی کارکردگی قابلِ تحسین ہے، جے یو آئی رہنما

پولیس کا شائستہ رویہ اور قانون کی یکساں عملداری سے عوامی اعتماد مضبوط ہوتا ہے، بکری محمد جان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی جنرل کونسل کے اراکین بکری محمد جان لانگو حافظ رحمت اللہ لانگو پرویز لانگو نے اپنے مشترکہ بیان میں ایس ایچ او جناح ٹاؤن تھانہ نوراللہ جمالدینی ڈپٹی آفیسر مسعود صاحب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ علاقے میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی جانب سے کی جانے والی کوششیں قابلِ تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او نوراللہ جمالدینی نے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں پولیس اور عوام کے درمیان بہتر رابطہ امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ عوام پولیس سے قانون کی یکساں عملداری فوری داد رسی اور شائستہ رویے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ پولیس افسران کی اچھی کارکردگی نہ صرف محکمہ پولیس کے لیے باعثِ عزت ہے بلکہ اس سے شہریوں کا قانون نافذ کرنے والے اداروں پر اعتماد بھی مضبوط ہوتا ہے انہوں نے ایس ایچ او جناح ٹاؤن نوراللہ جمالدینی ڈپٹی آفیسر مسعود صاحب اور ان کی ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت اور علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے۔

کوہلو، متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری

سڑکوں اور بنیادی انفراسٹرکچر کی تکمیل سے عوام کو بہترین سفری اور تعلیمی سہولیات میسر آئیں گی، عوامی حلقے

کوہلو (یو این اے) محکمہ مواصلات وتعمیرات کے زیر اہتمام ایکسین محبت مری کی سربراہی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ماضی میں زیر التوا رہنے والے متعدد منصوبوں پر پیش رفت کو عوامی حلقوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے، جبکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے، جن میں مین روڈ سے گلی کا لکانی تک پختہ سڑک کی تعمیر، جمع نبوت چوک سے الیف سی روڈ تک سڑک کا منصوبہ، جواند آباد سے جاندران روڈ اور کنل میں اضافی کلاس روم کی تعمیر سمیت کئی دیگر منصوبے شامل ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے جاری کام خوش آئند ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سڑکوں کی تعمیر و بہتری سے آمدورفت کی سہولیات میں اضافہ ہوگا، جبکہ تعلیمی اداروں میں اضافی کلاس رومز کی تعمیر سے طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول میسر آنے کی امید ہے۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام اسی رفتار سے جاری رہے گا اور تمام منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کر کے عوام کو ان کے ثمرات پہنچائے جائیں گے۔

عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کا اولین فریضہ ہے، ندیم بحرانی

جرائم پیشہ عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

اوستہ محمد (یو این اے) ایس ایچ او ندیم بہرانی نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ پولیس فورس کا اولین فریضہ ہے مظلوم کی داد رسائی کو ہر صورت میں یقینی بنایا گیا ہے امن وامان میں خلل ڈالنے والے عناصر حوالات کی ہوا کھائیں گے ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او شی ندیم بحرانی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر پی ائی اے پولیس انچارج کرم حسین ہیرا بینی نارکوٹکس سیل کے انچارج محمد اسلم رند ایگل مددگار فورس کے انچارج شاہنواز کھوسہ بھی موجود تھے ایس ایچ او ندیم بہرانی نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے لیے اوستہ محمد کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ سخت کر دی گئی ہے اور پولیس گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے ان کا کہنا تھا کہ ائی جی پولیس بلوچستان ڈی ائی جی نصیر اباد ایس پی اوستا محمد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈان کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے جس میں اوستا محمد پولیس نے بڑی حد تک کامیابی حاصل کی ہے اور مزید جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

سپیرہ راندہ روڈ کرپشن کا شاہکار بن چکا، شفاف جوڈیشل انکوائری کرائی جائے، رحیم کاکڑ

ناقص تعمیرات اور غیر قانونی تعیناتیوں کے خلاف کارروائی نہ ہوئی تو روڈ بند کر دیں گے، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ میر وانیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ ڈاکٹر رحیم ڈاکٹر خوشحال ڈاکٹر منصور سردار احمد سردار بہلول خان نے سپیرہ راندہ روڈ کی برباد تعمیر ٹوٹ پھوٹ کے شکار روڈ ناکس پل تمام غیر معیاری کاموں کے پیچھے ایک کرپٹ پی ڈی صحبت خان ہے اور اس کے علاوہ غیر قانونی طور سے ریٹائرمنٹ کے باجود جاوید خان نامی ایک کرپٹ آفیسر چیئرمین پی ڈی اے کام کر رہا ہے سپیرہ راندہ روڈ گزشتہ 2012 سے لیکر ابھی تک زیر تعمیر کرپشن کا شاہکار بنا ہوا ہے جو کہ اسی کروڑ سے شروع ہو کر 8 ارب تک پہنچا دیا گیا ہے اس کی اگر ایمانداری سے جوڈیشل انکوائری شفاف طور سے کی جائے تو اس میں ملوث بدنام زمانہ پی ڈی صحبت خان چیئرمین ریٹائرڈ جاوید اور پرائیوٹ ٹھیکیدار ان میں ملوث ہوں گے بیان میں روڈ پلوں کا کام درمیان میں نہیں کیا گیا اگر اس طرح کام جاری رہا تو سپیرہ راندہ روڈ بند کر دیا جائے جسکی تمام تر ذمہ داری پی ڈی صحبت خان اور ریٹائرڈ جاوید خان ہوں گے تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

انسانی حقوق کی علمبردار، ایک مؤثر آواز اور ایک روشن سیاسی ورثہ

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری 6 برس کی پارلیمانی جدوجہد

مارچ 2027 میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی سینیٹ آف پاکستان میں چھ سالہ آئینی مدت مکمل ہونے جا رہی ہے۔ مارچ 2021 میں ایوان بالا میں بلوچستان کی نمائندگی کے لیے منتخب ہونے والی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اپنے پورے پارلیمانی سفر کے دوران نہ صرف قانون سازی کے عمل میں فعال کردار ادا کیا بلکہ انسانی حقوق، خواتین، بچوں، خاندان، صحت، تعلیم، نوجوانوں، بیرونِ ملک پاکستانیوں اور معاشرے کے کمزور طبقات سے متعلق اہم معاملات کو مسلسل پارلیمان کے ایوان میں اجاگر کیا۔ سینیٹ کے سرکاری ریکارڈ کے مطابق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی مدت رکنیت مارچ 2021 سے مارچ 2027 تک ہے اور ان کا تعلق بلوچستان سے ہے۔ تادم تحریر وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی

تحریر۔ قدیر احمد انصاری

برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن بھی ہیں جبکہ انہیں مختلف دیگر اہم قائمہ اور پارلیمانی کمیٹیوں جن میں دفاع، دفاعی پیداوار، داخلہ و انسداد منشیات، قومی صحت، خزانہ، پاپس اور سینیٹ سیکریٹریٹ ایمپلائز ویلفیئر فنڈ سمیت مختلف کمیٹیوں کی رکن کی ذمہ داریاں بھی سونپی گئی ہیں۔ ان کے چھ سالہ پارلیمانی کردار کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ انہوں نے سینیٹ کی رکنیت کو محض ایک آئینی عہدہ نہیں سمجھا بلکہ اسے عوامی مسائل کو قانون سازی، پارلیمانی نگرانی اور قومی مکالمے میں تبدیل کرنے کا ذریعہ بنایا۔

سینیٹ کی سالانہ پارلیمانی رپورٹ برائے پارلیمانی سال 25-2024 کے دوران سینٹ میں پیش کی گئی قراردادیں اور ترمیمی بلز کی تفصیلات جاری کی گئی ہیں۔ رپورٹ میں سینٹ کے لئے چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی کی سربراہی میں حاصل کردہ کچھ اہم سنگ میل کا خاکہ پیش کیا گیا ہے جس میں مختلف سینیٹرز کی پیش کردہ قراردادیں اور ترمیمی بلز پر بحث و مباحثہ کے بعد منظور ہوئیں ان قراردادوں اور ترامیم میں سب سے اہم 26 ویں آئینی ترمیم تھی۔ سینیٹ کی مذکورہ سالانہ پارلیمانی رپورٹ برائے پارلیمنٹری سال 25-2024 پر نظر دوڑائی جائے تو ایک نام نمایاں نظر آتا ہے اور وہ ہے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا۔ جنہوں نے تمام سینیٹروں میں سب سے زیادہ یعنی 11 بلوں کو نجی ممبر کی حیثیت سے متعارف کراتے ہوئے تاریخ رقم کی ہے اور سینیٹ کے پارلیمانی سال 25-2024 میں سب سے زیادہ بل پیش کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ یہ قابل ذکر کارنامہ نہ صرف ان کی وابستگی اور ان کے حلقوں کی خدمت کے عزم کا ثبوت ہے بلکہ خواتین کو بااختیار بنانے کی مضبوط علامت بھی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ایوان بالا کے زیادہ تر سیشنز میں حصہ لیا اور دلجمعی سے اور تمام حلقوں میں اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ انہوں نے مختلف مسائل کی نشاندہی نہایت خوبصورت انداز میں کی اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون سینیٹر ہونے کے ناطے بلوچستان کی بھی بخوبی ترجمانی کی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی انتھک کوششوں اور انہیں سینیٹ میں فعال ممبروں میں سب سے زیادہ فعال کردار ادا کرنے میں اول پوزیشن حاصل رہی۔ بلوچستان سے سینیٹر کی حیثیت سے ان کی خدمات نہایت قابل ستائش ہیں اور یہ اعزاز تمام خواتین خاص طور پر بلوچستان کی خواتین کے لئے ایک بہت ہی قابل فخر لمحہ ہے۔

قانون سازی میں نمایاں اور متحرک کردار:

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کے پارلیمانی سفر کا جائزہ لیا جائے تو ان کی توجہ کا ایک بڑا مرکز قانون سازی رہا ہے۔ ان کے پیش کردہ اور شریک محرک بلوں میں خواتین، بچوں، فوجداری انصاف، سائبر کرائمز، انسانی اسمگلنگ، ذہنی صحت، خاندانی قوانین اور معاشرتی تحفظ جیسے اہم موضوعات نمایاں ہیں۔ ان کے اہم قانونی اقدامات میں Rape-Anti (Trial and Investigation) Act, 2023 Bill, (Amendment) خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یہ بل 2023 میں پیش ہوا اور سینیٹ نے 19 مئی 2025 کو اسے منظور کیا۔ اس کے ذریعے Rape-Anti 2021 Act, Trial and Investigation کی دفعہ 4 میں ترمیم کی گئی۔ یہ اقدام خواتین اور جنسی تشدد کا شکار افراد کے لیے انصاف کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کی کوششوں کا حصہ تھا۔ اسی طرح Factories Act, 1934 Bill, (Amendment) 2023 بھی ان کی قانون سازی کا اہم حصہ ہے، جس کے ذریعے Factories Act, 1934 کی متعلقہ دفعات میں ترامیم تجویز کی گئیں۔ یہ بل سینیٹ سے 4 نومبر 2024 کو منظور ہوا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے Crimes Electronic of Prevention Act, 2016 کی 2024 Bill, (Amendment) بھی پیش کیا، جس میں Crimes Electronic of Prevention Act, 2016 کی دفعات 22 اور 42 میں ترامیم تجویز کی گئیں۔ یہ بل بالآخر 10 فروری 2026 کو سینیٹ سے منظور ہوا اور قومی اسمبلی کو بھیجا گیا۔ خواتین اور خاندانی معاملات کے حوالے سے ان کا Muslim Family Laws (Amendment) Bill, 2024 بھی قابل ذکر ہے، جس میں مسلم فیملی لاز آرڈیننس 1961 کی دفعات 2 اور 9 میں ترامیم تجویز کی گئیں۔ یہ بل سینیٹ میں پیش کیا گیا اور متعلقہ قائمہ کمیٹی کے ذریعے زیر غور رہا۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے 2026 میں انہوں نے Muslim Laws (Parents of Maintenance) (Amendment) Bill, 2026 پیش کیا، جس میں والدین کی کفالت سے متعلق مسلم فیملی لاز آرڈیننس میں نئی دفعہ 9A شامل کرنے کی تجویز دی گئی۔ اسی سال انہوں نے Courts Family (Amendment) Bill, 2026 بھی پیش کیا، جس کا مقصد Courts Family Act, 1964 کے شیڈول میں ترمیم کرنا تھا۔ دونوں بل متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کو بھیجے گئے۔

فوجداری انصاف اور انسانی تحفظ کے لیے قانون سازی:

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی قانون سازی کا ایک اہم پہلو فوجداری قوانین میں اصلاحات بھی ہے۔ انہوں نے Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024 پیش کیا، جس میں پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 302 میں ترمیم، نئی دفعات 311A اور 509A کے اندراج اور ضابطہ فوجداری کی متعلقہ دفعات میں ترامیم کی تجاویز شامل ہیں۔ یہ قانون سازی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کے نزدیک انسانی حقوق کا تصور صرف نعروں تک محدود نہیں بلکہ اس کے لیے مؤثر اور قابل عمل قانونی ڈھانچہ بھی ضروری ہے۔

بچوں کے حقوق اور تحفظ، ترجیحی ایجنڈا:

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کی پارلیمانی کارکردگی کا ایک روشن پہلو بچوں کے حقوق کا تحفظ ہے۔ بطور چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق انہوں نے بچوں کے تحفظ، یتیم خانوں، حفاظتی مراکز، جسمانی سزا، تشدد اور بچوں کے جنسی استحصال جیسے حساس معاملات پر مسلسل پارلیمانی نگرانی کی۔ اپریل 2025 میں ان کی زیر صدارت انسانی حقوق کمیٹی نے Child of Rights the on National Commission of Bill, (Amendment) 2024 سمیت بچوں، معذور افراد اور اقلیتوں کے حقوق سے متعلق معاملات پر غور کیا۔ کمیٹی نے غیر منظم یتیم خانوں اور homes custodial میں بچوں، بالخصوص بچیوں کے تحفظ کے حوالے سے بھی تشویش کا اظہار کیا۔ جولائی 2025 میں اسی کمیٹی نے بچوں کے حقوق، معذور افراد اور صنفی مساوات سے متعلق قانونی اصلاحات کا جائزہ لیا اور خصوصی افراد کے لیے تعلیمی سہولیات، assistive devices، وظائف اور inclusive education جیسے اقدامات پر غور کیا۔ ستمبر 2025 میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مدارس میں بچوں پر جسمانی سزا، تشدد اور جنسی استحصال کے معاملات پر بھی سخت مؤقف اختیار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہر بچے کو تحفظ فراہم کرنا ہے، خواہ وہ اسکول میں زیر تعلیم ہو یا مدرسے میں۔

خواتین کے حقوق اور صنفی تشدد کے خلاف مضبوط آواز:

خواتین کے حقوق بھی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کے پارلیمانی ایجنڈے کا نمایاں حصہ رہے۔ انہوں نے violence based-gender، killings honour، خواتین کے خلاف جرائم، قانونی تحفظ اور انصاف تک رسائی جیسے معاملات کو مسلسل اجاگر کیا۔ دسمبر 2025 میں انسانی حقوق کمیٹی کے اجلاس کے دوران انہوں نے violence based-gender کے خلاف علامتی طور پر سنجیدگی کا پیغام دیا اور اس امر پر زور دیا کہ صنفی تشدد کو محض معاشرتی مسئلہ نہیں بلکہ ریاستی سطح پر آگاہی اور قانونی نفاذ کی ناکامی کے طور پر بھی دیکھا جانا چاہیے۔ جون 2026 میں ان کی زیر صدارت انسانی ح

نشے کی دلدل میں ڈوبتا کوئٹہ



تحریر۔ ذوالفقار علی طارق قادری

دہشت گردی کسی معاشرے کو خوف میں مبتلا کرتی ہے، لیکن منشیات کا زہر خاموشی سے نسلوں کو کھوکھلا کر دیتا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دشمن سامنے نظر آتا ہے، مگر منشیات کی تباہ کاریوں میں کئی گھر اجڑ جاتے ہیں، ماؤں کی گودیں ویران ہو جاتی ہیں، والدین کی امیدیں دم توڑ دیتی ہیں اور خوبصورت مستقبل کے خواب دیکھنے والے نوجوان اپنی زندگیوں کی قیمتی بہاریں نشے کی نذر کر بیٹھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ منشیات کے پھیلاؤ کو محض ایک معاشرتی برائی سمجھ کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، بلکہ یہ ہماری نئی نسل، ہمارے خاندانوں اور ہمارے معاشرے کے مستقبل کا سنگین مسئلہ ہے۔ آج کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں منشیات کے سرگرمیوں کی موجودگی نوجوانوں کے تحفظ کے حوالے سے کئی سوالات کو جنم دیتی ہے۔

استعمال اور اس کے ممکنہ پھیلاؤ پر سنجیدہ سوالات اٹھ رہے ہیں۔ نوجوانوں سے لے کر عمر رسیدہ افراد تک، مردوں کے ساتھ خواتین بھی اس لعنت سے متاثر ہو رہی ہیں۔ ہر متاثرہ شخص کے پیچھے ایک کہانی ہے، ایک خاندان ہے، کسی ماں کی دعا ہے، کسی باپ کی محنت ہے اور کسی گھر کی وہ امید ہے جو کبھی روشن مستقبل کے خواب دیکھا کرتی تھی۔ افسوس کہ منشیات کی لت انسان سے اس کی صحت، خود اعتمادی، معاشرتی تعلقات اور زندگی کی خوشیاں چھین لیتی ہے، جبکہ اس کے اثرات پورے خاندان کو برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ کوئٹہ کے نالے، منشیات اور انتظامی ذمہ داری کوئٹہ شہر کے وسط سے گزرنے والا سٹی نالہ اور بلوچستان یونیورسٹی کے قریب واقع نالوں کے اطراف کے بعض مقامات کے بارے میں شہریوں کی جانب سے منشیات کے استعمال اور مبینہ فروخت کی شکایات سامنے آتی رہی ہیں۔ اگر یہ مقامات منشیات فروشوں کی آماج گاہ بن رہے ہیں تو متعلقہ اداروں کے لیے یہ ایک سنجیدہ لمحۂ فکریہ ہے۔ شہر کے اہم مقامات اور تعلیمی اداروں کے قرب و جوار میں ایسی طرح کوئٹہ کی اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات پر بے حیائی یا غیر اخلاقی سرگرمیوں سے متعلق شہریوں کی شکایات کو بھی قانون کے دائرے میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ اگر کہیں قابلِ دست اندازی جرم یا عوامی تحفظ سے متعلق خلاف ورزی ہو تو متعلقہ ادارے قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ شکایت درست ہو تو اس کی تحقیقات کی جائیں اور اگر الزام ثابت نہ ہو تو کسی شخص کی عزت اور حقوق کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔ عوامی نظم و ضبط کے مسائل کا حل شفاف قانون نافذ کرنے اور ذمہ دارانہ انتظامی اقدامات میں ہے۔ کارروائی اشتہاروں میں نہیں، میدان میں نظر آنی چاہیے ہمارے ہاں اکثر بڑے مسائل پر آگاہی مہمات، اخباری اشتہارات اور اعلانات تو دیکھنے کو ملتے ہیں، لیکن عوام کی اصل ضرورت یہ ہے کہ ان اقدامات کے نتائج بھی سامنے آئیں۔ منشیات کی روک تھام کے لیے کسی مہم کی کامیابی کا اندازہ صرف پریس ریلیز، تصاویر یا گرفتار کیے گئے افراد کی تعداد سے نہیں لگایا جا سکتا۔ اصل کامیابی یہ ہے کہ منشیات کی غیر قانونی فراہمی میں کمی آئے، فروخت کے نیٹ ورک ختم ہوں، متاثرہ افراد کو علاج ملے اور نوجوان دوبارہ ایک صحت مند زندگی کی طرف لوٹ سکیں۔ اگر کسی کارروائی کے لیے سرکاری وسائل خرچ کیے جاتے ہیں تو ان کے استعمال اور نتائج کا جائزہ بھی ہونا چاہیے۔ کتنے منشیات فروشوں کے خلاف قانونی کارروائی ہوئی؟ کتنے مقامات کو مستقل طور پر منشیات سے پاک کیا گیا؟ کتنے افراد کو علاج اور بحالی کی سہولت فراہم کی گئی؟ دوبارہ منشیات فروخت ہونے سے روکنے کے لیے کیا نظام بنایا گیا؟ ان سوالات کے جواب ہی کسی مہم کی حقیقی افادیت واضح کر سکتے ہیں۔

میں وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری، متعلقہ وزراء، پولیس کے اعلیٰ حکام، انسدادِ منشیات کے اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس معاملے پر ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے اقدامات کی مؤثر نگرانی کریں۔ منشیات کی فروخت سے متعلق شہری شکایات کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جائے، حساس مقامات کی نشاندہی کی جائے، قانون کے مطابق کارروائیاں کی جائیں اور ان کے نتائج عوام کے سامنے لائے جائیں۔ جہاں کسی اہلکار کی غفلت یا اختیارات کے ناجائز استعمال کے شواہد ملیں، وہاں بھی قانون کے مطابق احتساب ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ منشیات کے عادی افراد کے لیے علاج اور بحالی کے مراکز کی دستیابی بہتر بنائی جائے۔ ہر متاثرہ شخص کو صرف پولیس کارروائی کے ذریعے مسئلے سے نکالنا ممکن نہیں۔ علاج، مشاورت، خاندان کی معاونت، پیشہ ورانہ تربیت اور معاشرے میں دوبارہ باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ حکومت، سماجی تنظیموں، علماء، اساتذہ، والدین اور میڈیا کو اس مقصد کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ شہر ہمارا ہے، اس کے نوجوان بھی ہمارے ہیں بلوچستان ہم سب کا ہے اور کوئٹہ ہم سب کا شہر ہے۔ اس شہر کے نوجوان کسی ایک خاندان، طبقے یا ادارے کا سرمایہ نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مستقبل ہیں۔ اگر آج ہم دوسروں کے بچوں کو منشیات کی دلدل میں گرتا دیکھ کر خاموش رہیں گے تو کل یہ خطرہ ہمارے اپنے گھروں تک بھی پہنچ سکتا ہے۔ منشیات کسی کی سیاسی وابستگی، معاشی حیثیت، خاندان یا سماجی مقام کو دیکھ کر دروازہ نہیں کھٹکھٹاتی۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اپنی ذمہ داری محسوس کرے، متعلقہ ادارے اپنی کارکردگی کا جائزہ لیں اور شہری بھی اس مسئلے کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔ منشیات فروشوں کے خلاف مستند معلومات کے ساتھ شکایات درج کرائی جائیں، متاثرہ افراد کو نفرت کے بجائے علاج کی طرف لایا جائے اور نوجوانوں کو ایسے ماحول سے محفوظ رکھا جائے جہاں ان کا مستقبل خطرے میں پڑ سکتا ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان اور تمام متعلقہ حکام سے میری گزارش ہے کہ منشیات کے خلاف اقدامات کو وقتی مہم نہیں بلکہ مستقل حکمت عملی کا حصہ بنایا جائے۔ کارروائی کا دائرہ صرف کمزور اور متاثرہ افراد تک محدود نہ رہے، بلکہ قانون کے مطابق اصل سپلائی نیٹ ورک اور اس کاروبار میں ملوث ہر ذمہ دار شخص تک پہنچا جائے۔ کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہ سمجھا جائے اور کسی بے گناہ کو محض الزام کی بنیاد پر نشانہ نہ بنایا جائے۔ یاد رکھیے، قوموں کا مستقبل صرف سڑکیں، عمارتیں اور ترقیاتی منصوبے تعمیر کرنے سے روشن نہیں ہوتا؛ قوموں کا مستقبل ان کے نوجوانوں کو محفوظ رکھنے سے روشن ہوتا ہے۔ اگر ہماری نئی نسل ہی منشیات کی نذر ہو گئی تو ترقی کے تمام دعوے اپنی معنویت کھو دیں گے۔

اب وقت آ گیا ہے کہ کوئٹہ کو منشیات کے زہر سے محفوظ بنانے کے لیے اعلانات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کیے جائیں، کیونکہ آج دوسروں کے بچے اس آگ میں جل رہے ہیں، کل اس کی لپیٹ میں ہمارا اپنا گھر بھی آ سکتا ہے۔

☆☆☆☆

☆☆

بورنگ زندگی، ایک عظیم نعمت

ہم سب اپنی زندگی میں کسی بڑے دھماکے، کسی غیر معمولی کامیابی، کسی حیران کن واقعے یا کسی ایسی تبدیلی کے انتظار میں رہتے ہیں جو اچانک ہماری زندگی کا نقشہ بدل دے۔ ہمیں لگتا ہے کہ اصل خوشی شاید اُس وقت شروع ہوگی جب کوئی بڑا خواب پورا ہوگا، جب دولت آئے گی، جب شہرت ملے گی، جب کوئی بڑا عہدہ نصیب ہوگا، جب ہم دنیا گھوم لیں گے یا جب ہماری زندگی دوسروں کو قابلِ رشک دکھائی دینے لگے گی۔

اسی انتظار میں ہم اپنی موجودہ زندگی کو معمولی سمجھتے رہتے ہیں۔ صبح وہی، کام وہی، گھر وہی، لوگ وہی، راستے وہی، مسائل وہی اور رات کو وہی بستر۔ پھر ہم بے اختیار کہہ اٹھتے ہیں ”زندگی کتنی بورنگ ہو گئی ہے!“

لیکن ذرا ایک لمحے کے لیے رک کر سوچیے۔ کیا واقعی یہ زندگی بورنگ ہے؟ یا ہم نے نعمتوں کو اتنا معمولی سمجھ لیا ہے کہ ان کی غیر معمولی قدر ہی بھول گئے ہیں؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب ہماری زندگی کو، اور دیکھنے کے پورے انداز کو بدل سکتا ہے۔

ہم خوشی کو ہمیشہ کسی غیر معمولی واقعے کے ساتھ جوڑتے ہیں، حالانکہ زندگی کا ایک بہت بڑا سچ یہ ہے کہ حقیقی سکون اکثر وہاں ہوتا ہے جہاں کچھ بھی غیر معمولی نہیں ہو رہا ہوتا۔ ایک عام دن۔ ایک پُرسکون صبح۔ گھر میں اپنوں کی موجودگی۔ صحت مند جسم۔ دسترخوان پر کھانا۔ سر پر چھت۔ باہر امن۔ رات کو بے خوف نیند۔ یہ سب ہمیں معمولی لگتا ہے، کیونکہ یہ ہماری زندگی کا حصہ ہے۔ مگر دنیا میں ایسے کروڑوں انسان ہیں جن کے لیے ہماری یہی معمولی زندگی ایک حسین خواب ہے۔

ذرا اُن لوگوں کا تصور کیجیے جو جنگ زدہ علاقوں میں رہتے ہیں۔ جن کے لیے صبح آنکھ کھولنا بھی ایک یقین نہیں بلکہ ایک سوال ہے۔ جنہیں معلوم نہیں کہ اگلا لمحہ انہیں کہاں لے جائے گا۔ جن کے بچے کھلونوں کے بجائے خوفناک آوازوں کے عادی ہو جاتے ہیں۔ جن کے گھروں کی دیواریں پناہ دینے کے بجائے ملبے کا ڈھیر بن جاتی ہیں۔ دنیا کے کسی کونے میں ایک ماں اپنے بچے کو بھوک سے بچانے کے لیے پریشان ہے۔ کہیں کوئی باپ اپنے خاندان کے لیے ایک وقت کے کھانے کا انتظام نہیں کر پا رہا۔ کہیں کوئی بیمار شخص دوا کا منتظر ہے۔ کہیں کوئی بے گھر خاندان سرد رات آسمان تلے گزار رہا ہے۔

اور ہم؟ ہم شاید اپنے آرام دہ گھر میں بیٹھ کر یہ سوچ رہے ہیں کہ زندگی میں کچھ نیا نہیں ہو رہا۔ یہی زندگی کا المیہ ہے۔ جس چیز کو ہم معمول سمجھتے ہیں، وہ کسی دوسرے انسان کی سب سے بڑی خواہش ہو سکتی ہے۔ ہم میں سے کتنے لوگ ایسے ہیں جو صحت مند ہونے پر بھی اپنی صحت کے بارے میں نہیں سوچتے؟ جب تک جسم ساتھ دیتا ہے، ہم صحت کو اپنا حق سمجھتے ہیں۔ لیکن جیسے ہی کوئی بیماری ہمیں بستر پر ڈالتی ہے، تب معلوم ہوتا ہے کہ صحت کتنی بڑی دولت تھی۔

ہم اپنے والدین کی موجودگی کو بھی معمول سمجھ لیتے ہیں۔ ان کی آواز، ان کی نصیحت، ان کی ڈانٹ، ان کی دعائیں، گھر میں ان کی موجودگی... سب کچھ روزمرہ کا حصہ لگتا ہے۔ لیکن جب ان میں سے کوئی ایک دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے تو انسان کو معلوم ہوتا ہے کہ جس آواز سے کبھی کبھی وہ تنگ ہوتا تھا، وہی آواز اس کے گھر کی سب سے خوبصورت آواز تھی۔

بچے گھر میں شور کریں تو ہمیں سکون چاہیے ہوتا ہے۔ لیکن جب وہ بڑے ہو کر اپنے اپنے گھروں میں چلے جاتے ہیں تو اسی شور کی یاد آتی ہے۔

دوست بار بار فون کرے تو ہم مصروفیت کا بہانہ بناتے ہیں۔ پھر ایک دن وہ رابطہ ختم ہو جائے تو ہم پرانے پیغامات تلاش کرتے ہیں۔ یہ انسانی فطرت کا عجیب المیہ ہے کہ موجود نعمت کی قدر اکثر اُس وقت ہوتی ہے جب وہ موجود نہیں رہتی۔

قرآن مجید ہمیں اسی حقیقت کی طرف متوجہ کرتا ہے ”اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو انہیں شمار نہیں کر سکتے۔“ واقعی ہم نہیں کر سکتے۔ ہماری زندگی ہر لمحے نعمتوں سے بھری ہوئی ہے، لیکن ہماری توجہ زیادہ تر اُن چیزوں پر رہتی ہے جو ہمارے پاس نہیں۔

ہم کہتے ہیں: میرے پاس اپنا گھر نہیں۔ میری گاڑی اچھی نہیں۔ میری آمدنی کم ہے۔ میرا کاروبار نہیں چل رہا۔ میرے بچے دوسروں کے بچوں جتنے کامیاب نہیں۔ میری زندگی میں سفر نہیں۔ مجھے وہ مقام نہیں ملا جس کی مجھے خواہش تھی۔ اور اس دوران ہم بھول جاتے ہیں کہ ہمارے پاس سانس ہے، صحت ہے، خاندان ہے، دوست ہیں، رزق ہے، وقت ہے، امن ہے، اور سب سے بڑھ کر اپنے رب کو یاد کرنے کا موقع ہے۔



ہم اپنی زندگی کی کمیوں کا حساب رکھتے رکھتے اپنی نعمتوں کا حساب بھول جاتے ہیں۔ شاید خوشی کی کمی ہمیشہ نعمتوں کی کمی نہیں ہوتی۔ کبھی کبھی خوشی کی کمی شکر کی کمی ہوتی ہے۔

شکر صرف یہ نہیں کہ زبان سے ”الحمدللہ“ کہہ دیا جائے۔ شکر دراصل نعمت کو پہچاننے کا نام ہے۔ انسان جب یہ سمجھ لیتا ہے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے وہ محض اس کا حق نہیں بلکہ اللہ کی عطا ہے، تو اس کی نظر بدل جاتی ہے۔

وہی چھوٹا گھر اسے پُرسکون محل محسوس ہونے لگتا ہے۔

وہی سادہ کھانا اسے نعمت لگنے لگتا ہے۔

وہی معمولی نوکری رزق کا ذریعہ محسوس ہوتی ہے۔

وہی صحت مند صبح اسے اللہ کی مہربانی دکھائی دیتی ہے۔

اور وہی خاموش رات اسے بوریت نہیں بلکہ حفاظت محسوس ہوتی ہے۔ ہماری موجودہ دنیا نے اس بے اطمینانی کو اور بڑھا دیا ہے۔ سوشل میڈیا نے ہمیں دوسروں کی زندگی کے خوبصورت ترین چند سیکنڈ دکھانے کا ایسا عادی بنا دیا ہے کہ اپنی پوری زندگی بھی ہمیں ناکافی محسوس ہونے لگتی ہے۔

ہم کسی کو بیرونِ ملک سفر کرتے دیکھتے ہیں تو اپنی زندگی معمولی لگتی ہے۔ کسی کا نیا گھر دیکھتے ہیں تو اپنا گھر چھوٹا لگتا ہے۔ کسی کی کامیابی دیکھتے ہیں تو اپنی محنت ناکافی محسوس ہوتی ہے۔ کسی کی مسکراتی تصویر دیکھتے ہیں تو ہمیں لگتا ہے کہ سب خوش ہیں اور صرف ہم پریشان ہیں۔

حالانکہ ہم کسی انسان کی پوری زندگی نہیں دیکھ رہے ہوتے، صرف اس کی زندگی کا منتخب کردہ ایک خوبصورت لمحہ دیکھ رہے ہوتے ہیں۔

تصویر کے پیچھے چھپا دکھ ہمیں نظر نہیں آتا۔ مسکراہٹ کے پیچھے چھپی بے چینی ہمیں معلوم نہیں ہوتی۔ اور یوں ہم دوسروں کی نمائش کو اپنی حقیقت سے موازنہ کر کے اپنے دل کو بے سکونی کے حوالے کر دیتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ہر چمکتی ہوئی زندگی پُرسکون نہیں ہوتی۔ اور ہر سادہ زندگی ادھوری نہیں ہوتی۔ کبھی ایک چھوٹے سے گھر میں وہ سکون ہوتا ہے جو بڑے بڑے محلوں میں نہیں ملتا۔

کبھی ایک غریب آدمی اپنے خشک روٹی کے ٹکڑے کے ساتھ بھی شکر گزار ہوتا ہے، جبکہ دولت مند انسان بہترین کھانے کے درمیان بیٹھ کر بھی بے چین ہوتا ہے۔

یہاں ہمیں قناعت کی حقیقت سمجھ میں آتی ہے۔ قناعت کا مطلب یہ نہیں کہ انسان ترقی کرنا چھوڑ دے۔ اسلام محنت، جدوجہد، رزق کی تلاش اور بہتر مستقبل کی کوشش سے نہیں روکتا۔ لیکن مسئلہ اُس وقت پیدا ہوتا ہے جب انسان مستقبل کے خواب میں اپنا حال برباد کر دے۔

ہم کہتے ہیں: جب میرے پاس زیادہ پیسہ ہوگا، تب خوش ہوں گا۔ جب اپنا گھر ہوگا، تب سکون ملے گا۔ جب بچے کامیاب ہو جائیں گے، تب اطمینان ہوگا۔ جب یہ مسئلہ حل ہوگا، تب زندگی جئیں گے۔ اور پھر ایک مسئلہ حل ہوتا ہے تو دوسرا سامنے آ جاتا ہے۔

انسان ایک نئی منزل بنا لیتا ہے اور پھر اسی کے انتظار میں حال کو قربان کر دیتا ہے۔ زندگی اسی انتظار میں گزر جاتی ہے۔

یہ بھی تو ممکن ہے کہ جس ”کل“ کے لیے ہم آج کا سکون قربان کر رہے ہیں، وہ کل کبھی آئے ہی نہیں۔ اسی لیے موجود لمحے کی قدر ضروری ہے۔

اگر آج گھر میں سب خیریت سے ہیں تو یہ معمولی بات نہیں۔ اگر آج آپ اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھ سکتے ہیں تو یہ نعمت ہے۔ اگر آج والدین آپ کے ساتھ ہیں تو یہ خزانہ ہے۔ اگر آج آپ صحت مند ہیں تو یہ دولت ہے۔ اگر آج آپ کو اپنے رب کے سامنے جھکنے کی توفیق ہے تو اس سے بڑھ کر کیا چاہیے؟ اگر آج رات آپ کو اس خوف کے بغیر نیند آئے گی کہ صبح تک کیا ہوگا، تو یقین کیجیے آپ بہت کچھ رکھتے ہیں۔

ہمیں شاید امن کی قیمت کا اندازہ نہیں کیونکہ ہم نے اس کی عدم موجودگی کو ہمیشہ محسوس نہیں کیا۔

پاکستان ہاکی کا بگڑا ہوا نظام درست کرنے کیلئے وقت درکار ہے، محی الدین وانی

کئی دہائیوں سے قومی ہاکی دو گروگوں کا شکار ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر ذمہ داری سنبھالی ہے، صدر ہاکی فیڈریشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے کہا ہے کہ پاکستان ہاکی کا بگڑا ہوا نظام درست کرنے کیلئے وقت درکار ہے، کئی دہائیوں سے قومی ہاکی دو گروگوں کا شکار ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر ذمہ داری سنبھالی ہے، کوشش ہے کہ تمام فریقین کو بیٹھا کر پاکستان ہاکی کی بہتری کیلئے کام کیا جائے، اس کیلئے ہاکی چیمپئنز، کھلاڑیوں اور اس ہاکی لورز سب کو مل کر اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں محی الدین وانی نے کہا کہ ماضی میں پاکستان کھیلوں میں نمایاں مقام رکھتا تھا یہ حقیقت ہے کہ اس وقت کھیلوں کے حوالے سے ہم کافی پیچھے ہو گئے ہیں مجھے جو ذمہ داریاں دی گئی ہیں انہیں احسن طریقے سے ادا کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ایشین گیمز میں بدترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے نام نہاد ذمہ داروں کو احتساب کے کٹہرے میں لانے، پاکستان سے غیر معروف افراد کو کھیلوں کے نام پر غیر ممالک کا جوائے ٹرپ کرانے، پانچ سے زائد کھیلوں کی تنظیمیں چلانے والے نوشاد احمد کے حوالے سے دیے گئے لیٹر پر سیکرٹری آئی پی سی نے پاکستان اسپورٹس بورڈ سے وضاحت طلب کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں بتایا گیا کہ عالمی اور ایشیائی مقابلوں میں شرکت محض رسمی کارروائی اور سیر سپاٹے سے زیادہ کچھ نہیں، ایک کھیل میں باپ بیٹی کی کھلاڑی اور آفیشل کے طور پر شرکت، عمر رسیدہ کھلاڑیوں کی شمولیت اور ایک فیڈریشن کے عہدے دار کا بطور کھلاڑی ٹیم میں شامل ہونا اس کی واضح مثالیں ہیں۔ محی الدین وانی نے کہا کہ ایک زمانہ تھا پاکستان کے پاس پانچ پانچ ٹاکل تھے، اس بات کو بھی 30 سال ہو گئے تو اب آگے کی طرف چلنا چاہیے، وہ گلوری 1994 کے بعد تو نہیں رہی، اس کے بعد ہماری ہاکی کے کئی دفعہ تجزیہ ہو چکے ہیں کہ آپ نے انویسٹمنٹ نہیں کیا اسپورٹس میں انفرااسٹرکچر میں، پورے پاکستان میں اس کو پھیلانے میں، پھر جونئی اسکلز آئی تھی دنیا بھر میں اب اسکلز سے زیادہ فٹنس پر توجہ ہوگئی ہے، ہمارے ملک میں آپ نے بچوں کی فٹنس پر توجہ نہیں دی، تیسری بات یہ تھی کہ اب فٹنس کے علاوہ ڈائٹ جس پر زیادہ فوکس کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کیلئے بڑی ضروری ہے، نئے رولز آگئے ہیں، اس کی تشریح ہو رہی ہے نئی ٹیکنالوجی آگئی ہے، کمپیوٹرز آگئے ہیں، انالسٹ آگئے، ویڈیو انالیسز آگیا، یہ ساری چیزیں ضروری تھی۔ یورپینز نے یہ سب چیزیں ایڈاپٹ کرلیں، ہم پیچھے رہ گئے لیکن ہم مایوس نہیں ہیں اللہ تعالیٰ کرے بہتری آئے، لیکن ایک اور بات ہے کہ آپ جیتنے کو ہی کھیل کیوں سمجھتے ہیں، کھیل کو کھیل کے طور پر لیں۔ صدر پی ایچ ایف نے کہا کہ نیدرلینڈ اور دیگر ممالک نے ہاکی پر بہت زیادہ انویسٹ کیا ہے، جرمنی، آسٹریلیا، ارجنٹائن بہت آگے ہیں، پاکستان میں گراس روٹ لیول پر اسکولوں اور کالجز کو فوکس کیا جارہا ہے، مختلف ایج گروپس کیلئے غیر ملکی کوچز لگائے ہیں تاکہ عالمی ہاکی سے ہمارے کھلاڑیوں کو آگاہی حاصل ہو، قومی اور صوبائی ٹورنامنٹ کرائیں گے، پاکستان ہاکی کے الیکشن کرا کے منتخب لوگوں کو ذمہ داریاں دے دیں گے۔



سری لنکن بلے باز پاکستان کیخلاف میچ میں آؤٹ ہونے کے بعد پویلین لوٹتے ہوئے

پرتگال کے کپتان کرسٹیانو رونالڈو عارضی طور پر معطل

لزبن (این این آئی) پرتگال کے کپتان اور 41 سالہ اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو عارضی طور پر معطل کر دیا گیا۔ صدر پرتگال فٹبال فیڈریشن پیڈرو پروینسا کے مطابق تمام فریق مل بیٹھ کر بات کر رہے ہیں، پرتگال کو اپنے کپتان کی واپسی کی شدید خواہش ہے۔ واضح رہے کہ رونالڈو نے نیشنز لیگ میں ابتدائی فائنل الیون میں شامل نہ کرنے پر کیمپ چھوڑ دیا تھا۔

اے بی ڈی ویلیئرز کی دھواں دار بیٹنگ، دو میچز میں 16 چھکے جڑ کے 181 رنز بنا ڈالے

جوہانسبرگ (آئی این پی) جنوبی افریقا کے سابق اسٹار بلے باز اے بی ڈی ویلیئرز نے ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں اپنی جارحانہ بیٹنگ سے شائقین کو ایک بار پھر حیران کر دیا۔ جنوبی افریقی چیمپئنز کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈی ویلیئرز نے دو میچز میں 16 چھکے لگائے اور 181 رنز بنا ڈالے۔ انہوں نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کے خلاف پہلے میچ میں صرف 39 گیندوں پر 70 رنز بنائے جس میں 4 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔ دوسرے میچ میں انہوں نے مزید تباہ کن بیٹنگ کرتے ہوئے محض 40 گیندوں پر 111 رنز کی ناقابلِ یقین اننگز کھیلی۔ اس دوران انہوں نے 6 چوکے اور 11 چھکے لگائے۔ مسٹر 360 کے نام سے مشہور ڈی ویلیئرز نے 2018 میں انٹرنیشنل کرکٹ کو خیرباد کہا تھا تاہم ان کی بیٹنگ کی مہارت اور جارحانہ انداز اب بھی برقرار ہے۔ وہ جنوبی افریقا کی جانب سے 114 ٹیسٹ، 228 ون ڈے اور 78 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیل چکے ہیں۔ مسلسل دو فتوحات کے بعد جنوبی افریقی چیمپئنز کا اگلا مقابلہ ہفتے کو شارجہ میں بھارت چیمپئنز سے ہوگا۔

اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں جوروٹ کا ریکارڈ توڑ دیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے تجربہ کار کھلاڑی اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں فیلڈر کی حیثیت سے سب سے زیادہ کیچز پکڑنے کا ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ اسٹیون اسمتھ نے ٹیسٹ میچز میں 221 کیچز پکڑ کر انگلینڈ کے جوروٹ کو پیچھے چھوڑ دیا، جن کے نام 220 کیچز کا ریکارڈ تھا۔ آسٹریلوی کھلاڑی اس اعزاز کے ساتھ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں بطور فیلڈر سب سے زیادہ کیچز لینے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے یہ کارنامہ جنوبی افریقا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے دوران انجام دیا۔ زیادہ کیچز پکڑنے کی فہرست میں بھارت کے سابق کپتان راہل ڈریوڈ نے تیسرے نمبر پر موجود ہیں، جنہوں نے 210 کیچز تھامے تھے۔

راولپنڈی: قومی بلے باز سری لنکا کیخلاف ٹی20 میچ میں اوور ارشاٹ کھیل رہے ہیں

بنگلا دیشی فاسٹ بولر حسن محمود کی ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک، دو بڑے اعزاز اپنے نام کرلیے

افغانستان کی پہلی اننگز میں عصمت عالم کو بولڈ، اگلی گیند پر بیٹر قیس احمد کو وکٹ کیپر کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کرکے ہیٹ ٹرک مکمل کی، اگلی گیند پر ضیاء الرحمٰن کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کرکے ڈبل ہیٹ ٹرک کی

ڈھاکہ (آن لائن) بنگلا دیش کے فاسٹ بولر حسن محمود نے تاریخ رقم کرتے ہوئے ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے ملک کے پہلے فاسٹ بولر کا اعزاز حاصل کرلیا، انہوں نے ابوظہبی میں افغانستان کے خلاف واحد ٹیسٹ کے تیسرے روز یہ کارنامہ انجام دیا۔ 26 سالہ دائیں ہاتھ کے فاسٹ بولر حسن محمود نے افغانستان کی پہلی اننگز کے 83ویں اوور میں عصمت عالم کو بولڈ کیا، اگلی گیند پر نئے آنے والے بیٹر قیس احمد کو وکٹ کیپر لٹن داس کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کروایا۔ اوور کی پانچویں گیند پر حسن محمود نے ضیاء الرحمٰن کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کرنے کی اپیل کی، تاہم امپائر نے ناٹ آؤٹ قرار دیا۔ بنگلا دیش نے ڈی آر ایس کا سہارا لیا تو ہاک آئی ٹیکنالوجی سے ظاہر ہوا کہ گیند آف اسٹمپ سے ٹکرا رہی تھی، جس کے بعد امپائر کو اپنا فیصلہ تبدیل کرنا پڑا اور حسن محمود کی ہیٹ ٹرک مکمل ہوگئی۔ حسن محمود بنگلا دیش کی جانب سے ٹیسٹ کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے مجموعی طور پر تیسرے بولر ہیں۔ ان سے قبل اسپنرز آلوک کپالی نے 2003 میں پشاور میں پاکستان کے خلاف اور سوہاغ غازی نے 2013 میں چٹاگانگ میں نیوزی لینڈ کے خلاف یہ اعزاز حاصل کیا تھا۔ حسن محمود نے افغانستان کے خلاف پہلی اننگز میں 55 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ بنگلا دیش نے افغانستان کو 240 رنز پر آؤٹ کر کے پہلی اننگز میں 106 رنز کی برتری حاصل کرلی۔ حسن محمود نے ٹیسٹ کرکٹ میں گیندوں کے اعتبار سے تیز ترین 50 وکٹیں لینے والے بنگلا دیشی بولر کا اعزاز بھی حاصل کیا۔ انہوں نے 2424 گیندوں پر 50 وکٹیں مکمل کیں، جبکہ اس سے قبل یہ ریکارڈ شہادت حسین کے پاس تھا، جنہوں نے 2991 گیندوں پر یہ سنگ میل عبور کیا تھا۔ میچوں کی تعداد کے اعتبار سے بھی حسن محمود بنگلا دیش کے ان چار فاسٹ بولرز میں سب سے تیزی سے 50 ٹیسٹ وکٹیں مکمل کرنے والے بولر بن گئے ہیں۔

پاکستان کے تن ساز رمیز ابراہیم نے امریکا میں تاریخ رقم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے تن ساز رمیز ابراہیم نے امریکا میں تاریخ رقم کردی۔ مسٹر امریکا انٹرنیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیتنے والے پہلے پاکستانی تن ساز بن گئے۔ ایونٹ میں پچیس ممالک کے باڈی بلڈرز نے شرکت کی۔۔ کراچی سے تعلق رکھنے والے رمیز ابراہیم نے میٹر فزیک کیٹگری میں سونے کا تمغہ اور پروایونٹ میں چاندی کا تمغہ لیا امریکی حکومت کے زیر اہتمام چیمپئن شپ انیس سو انتالیس سے ہر سال منعقد کی جاتی ہے۔ رمیز ابراہیم ایونٹ میں شرکت کرنے والے پہلے تن ساز بھی ہیں۔ رمیز نے امریکا میں تاریخی فتح پاک فوج کے نام کردی، مداحوں کی دعاں سے کارنامہ انجام دینے میں کامیاب رہے۔

اسلام آباد ویمنز ٹینس، فرانس اور میکسیکو کی جوڑی نے ڈبلز ٹائٹل جیت لیا

اسلام آباد (این این آئی) فرانس کی ایسٹرڈ سیروئے اور میکسیکو کی سباستیانی لیون نے ڈبلیو 15 اسلام آباد ورلڈ ٹینس ویمنز فیوچرز چیمپئن شپ 2026 میں ویمنز ڈبلز کا ٹائٹل جیت لیا۔ پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس میں کھیلے گئے فائنل میں فاتح جوڑی نے جنوبی کوریا کی جیونگ مون اور تھائی لینڈ کی کامولوان یوڈپچ کو 7-5، 6-2 اور 10-5 سے شکست دی۔ دریں اثنا، سیروئے اور یوڈپچ نے اپنے اپنے سنگلز مقابلے جیت کر ویمنز سنگلز فائنل میں جگہ بنا لی۔ ٹاپ سیڈ سیروئے نے ازبکستان کی سیول یولداشیوا کو 6-4، 7-5 سے ہرایا، جبکہ یوڈپچ نے جنوبی افریقا کی ووزوکو مدلوالو کو 6-0، 6-4 سے شکست دی۔ ویمنز سنگلز کا فائنل 11 اکتوبر کو دوپہر ایک بجے پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس میں کھیلا جائے گا جس میں سیروئے اور یوڈپچ چیمپئن شپ کے ٹائٹل کے لیے مدمقابل ہوں گی۔ چیمپئن شپ کے پہلے مرحلے میں 17 ممالک کی 30 کھلاڑی شرکت کر رہی ہیں۔

سندھ حکومت کا خصوصی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے 50 ہزار روپے انعام کا

خصوصی بچوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان کی گفتگو

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے خصوصی بچوں کو کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھانے اور یکساں مواقع فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ کھیل و امور نوجوانان سندھ کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ویسٹ انٹر کلب ایتھلیٹ پیرا تائیکوانڈو چیمپئن شپ 2026 کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی سیکریٹری کھیل و امور نوجوانان منور علی مہیسر نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے خصوصی کھلاڑیوں کے لیے 50 ہزار روپے انعام دینے کا اعلان کیا۔ تقریب میں رکن سندھ اسمبلی آصف موہی، ڈائریکٹر کھیل اسد اسحاق، ڈی ایس او ویسٹ محمد عثمان اور دیگر سینئر خصوصی بچوں نے شرکت کی۔ منور علی مہیسر نے کہا کہ خصوصی بچوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں مناسب مواقع، حوصلہ افزائی اور سرپرستی فراہم کر کے کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ وزیر کھیل و امور نوجوانان سندھ سردار محمد بخش مہر کی ہدایات پر سندھ حکومت خصوصی کھلاڑیوں کی سرپرستی، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ چیمپئن شپ میں پاکستان کی بین الاقوامی پیرا ایتھلیٹ سائرہ نے بھی شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ سیکریٹری کھیل نے سائرہ سمیت دیگر نمایاں کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہا اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے 50 ہزار روپے انعام دینے کا اعلان کیا۔ پاکستانی تارمنتخب کیٹیگری میں یونیورسل ٹائیگرز اکیڈمی، پیرا اتھلیٹک کیٹیگری میں کے وی ٹی سی جبکہ اسکول کیٹیگری میں الائیڈ اسکول نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔

پنجاب ہڑپہ نے قومی انڈر 17 فٹبال چیمپئن شپ جیت لی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقدہ نیشنل انڈر 17 فٹبال چیمپئن شپ کے فیصلہ کن معرکہ میں پنجاب ہڑپہ نے سندھ خیبر فائنل میں کے پی کے ہمالیاز کو پنالٹی شوٹ آؤٹ پر شکست دے کر چیمپئن شپ ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ جناح اسٹیڈیم اسلام آباد میں ہفتے کو کھیلا گیا فائنل مقررہ وقت تک 1-1 سے برابر رہا، جس کے بعد فیصلہ پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ہوا جس میں پنجاب ہڑپہ نے اعصاب پر قابو رکھتے ہوئے پنالٹی شوٹ آؤٹ میں کامیابی حاصل کی۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاور حسین افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی تھے جنہوں نے پہلے ایف کے نائب صدر ذکا اللہ اور پی ای او شاہد کھوکھر ہے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ اس سے قبل سندھ انڈس نے بلوچستان ہنگول کو پنالٹی شوٹ آؤٹ کے مقابلے کے بعد 1-6 سے شکست دے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

اندور بھارت کیخلاف کھیلے گئے ٹی20 میچ میں ویسٹ انڈیز کے بلے باز شاٹ کھیلتے ہوئے

سنچو سیمسن کی دھواں دار اننگز، کوہلی اور یوراج کے ریکارڈز برابر کردیے

سنچو سیمسن کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت بھارت نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 249 رنز اسکور کیے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی وکٹ کیپر بلے باز سنجو سیمسن نے ویسٹ انڈیز کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے ویرات کوہلی اور یوراج سنگھ کے ریکارڈز برابر کردیے۔ سیمسن نے محض 41 گیندوں پر 82 رنز بنائے جس میں 9 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔ ان کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت بھارت نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 249 رنز اسکور کیے تاہم ان کی عمدہ اننگز بھی بھارت کو شکست سے نہ بچا سکی اور ویسٹ انڈیز نے ہدف حاصل کرکے 6 وکٹوں سے کامیابی سمیٹ لی۔ سیمسن نے صرف 21 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کی اور ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں تیز ترین ففٹی بنانے والے بھارتی بلے باز ویرات کوہلی کے ریکارڈ کی برابری کی۔ بھارت نے پاور پلے میں ایک وکٹ پر 79 رنز بنائے جو ویسٹ انڈیز کیخلاف اس فارمیٹ میں اس کے بہترین پاور پلے اسکور کا ریکارڈ ہے۔ اس کے علاوہ سیمسن نے 200 یا اس سے زیادہ کے اسٹرائیک ریٹ سے پانچ نصف سنچریاں بنا کر یوراج سنگھ کا ریکارڈ بھی برابر کردیا۔ اس فہرست میں سوریا کمار یادیو 13 اور ابھیشیک شرما 12 نصف سنچریوں کے ساتھ آگے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

سارہ خان اور فلک شبیر نے دوسری بیٹی کا چہرہ مداحوں کو دکھا دیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سارہ خان اور مصور گلوکار فلک شبیر نے اپنی دوسری بیٹی رانیہ فلک کے چہرے کی پہلی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کردی ہے۔ سارہ خان نے کچھ عرصہ قبل اپنی دوسری بیٹی کی پیدائش کی خوشخبری مداحوں کے ساتھ شیئر کی تھی تاہم اس وقت انہوں نے ننھی پری کا چہرہ چھپا کر رکھا تھا اور اسے منظر عام پر نہیں لایا گیا تھا۔ اب سارہ خان اور فلک شبیر نے سماجی رابطے کی سائٹ انسٹاگرام پر ایک خوبصورت خاندانی تصویر شیئر کی ہے جس میں انہوں نے ننھی رانیہ کا چہرہ مداحوں کو دکھایا ہے۔ وائرل تصویر میں ننھی رانیہ انتہائی معصوم اور پیاری نظر آ رہی ہیں، جبکہ سارہ خان، فلک شبیر اور ان کے بچے ایک جیسے ہاتھ روز پہنے خوشگوار موڈ میں دکھائی دے رہے ہیں۔ رانیہ فلک کے چہرے کی پہلی جھلک سامنے آتے ہی سوشل میڈیا پر مداحوں اور شوبز شخصیات کی جانب سے مبارکبادوں اور نیک تمناؤں کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔

شادی شدہ مردوں کے ساتھ تعلقات رکھنے والی خواتین فیمنسٹ نہیں، تانیشا

ممبئی (آئی این پی) ہالی وڈ کی مشہور اداکارہ کاجول کی بہن اداکارہ تانیشا مکھرجی نے شادی شدہ مردوں کے ساتھ تعلق رکھنے والی خواتین کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ تنیشا مکھرجی سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اکثر مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کرتی ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے ان خواتین کے بارے میں ایک پوسٹ شیئر کی جو شادی شدہ مردوں کے ساتھ تعلقات جوڑتی ہیں۔ اداکارہ نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ جو خواتین شادی شدہ مردوں کے ساتھ تعلقات قائم کرتی ہیں وہ فیمنسٹ (حقوق نسواں کی علمبردار) نہیں ہوتیں، درحقیقت وہ خواتین کی ہی مخالف ہیں! کیونکہ کسی اور کے شوہر کے ساتھ تعلق رکھنا اس کی بیوی کی توہین ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ اس میں مرد کا بھی قصور ہے کیونکہ اس کا کردار کمزور ہے اور جو خواتین شادی شدہ مردوں کے پیچھے پڑتی ہیں وہ محض بدکردار ہیں، انہیں ہمارے بچوں کے لیے رول ماڈل نہیں ہونا چاہیے۔

ہالی ووڈ گلوکار ڈریک نے نئے گانے میں غزہ کا ذکر کردیا، مختصر ویڈیو وائرل

واشنگٹن (آئی این پی) عالمی شہرت یافتہ کینیڈین ریپر ڈریک نے اپنے نئے گانے میں غزہ کا ذکر کرتے ہوئے فلسطینیوں سے ایک بار پھر یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ ڈریک کے نئے گانے کا مختصر پارٹ ان کی فلم فوموکی اسٹریمنگ کے دوران پہلی مرتبہ سنایا گیا، جس نے مداحوں کی توجہ حاصل کر لی۔ گانے کا مجموعی انداز ہلکا پھلکا اور موسیقی سے بھرپور ہے، تاہم اسی دوران ڈریک نے پرے فار غزہ یعنی غزہ کیلئے دعا کرو کے الفاظ شامل کر کے دنیا کو پیغام دیا ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب ڈریک نے فلسطین سے متعلق اپنا مئوقف ظاہر کیا ہو۔ اس سے قبل بھی وہ غزہ میں جنگ بندی کی حمایت کر چکے ہیں۔ انہوں نے اپنے گانیمک ڈیم پے میں بھی فری فلسطین کا حوالہ دیا تھا۔ ڈریک کے نئے گانے میں غزہ کا ذکر ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب متعدد عالمی فنکار فلسطین اور غزہ کی صورتحال پر آواز اٹھا رہے ہیں۔

چین اور ترکی کی مدد سے تیار کیا گیا پاکستانی فضائیہ کا نیا فضائی سسٹم کیا ہے؟

منزہ انوار

ڈرونز اور لوئٹرنگ میونیشنز کے بڑھتے ہوئے استعمال نے دنیا بھر کی افواج کے لیے فضائی دفاع کو مزید چیلنجنگ بنا دیا ہے اور یہ سوال اہم ہو چکا ہے کہ آخر کم قیمت اور چھوٹے ڈرونز کے بڑے پیمانے پر حملوں کو کیسے روکا جائے؟ بظاہر اسی چیلنج کے جواب میں پاکستان ایئر فورس (پی اے ایف) نے اپنے مختصر فاصلے کے فضائی دفاع SHORAD کو مضبوط کرنے کے لیے چینی اور ترک ساختہ نظاموں پر مشتمل ایک تہہ در تہہ دفاعی ڈھانچہ متعارف کرایا ہے، جس میں میزائل، خودکار توپ اور کاؤنٹر ڈرون ٹیکنالوجی کو یکجا کیا گیا ہے۔ پی اے ایف کی جانب سے ستمبر کو جاری کی گئی ویڈیو میں تین مختلف فضائی دفاعی سسٹم دکھائی دیتے ہیں: چین میں تیار کردہ ایچ کیو-17 اے ای ای مختصر فاصلے کا سطح سے فضا میں مار کرنے والا میزائل سسٹم، ترکی کا ایسیلسان کورٹ 35 ملی میٹر خودکار فضائی دفاعی توپ سسٹم اور ایسیلسان ساہن 40 ملی میٹر کاؤنٹر ڈرون سسٹم۔ یہ سسٹم مل کر ایک مربوط دفاعی حصار تشکیل دیتے ہیں، جس کا مقصد اہم فوجی تنصیبات کو ڈرونز، لوئٹرنگ میونیشنز، ہیلی کاپٹرز، کروز میزائلز اور کم بلندی پر پرواز کرنے والے طیاروں سمیت مختلف فضائی خطرات سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔

یہ سسٹم کیسے کام کرتا ہے؟

تین تہوں والے مختصر فاصلے کے فضائی دفاع کا بنیادی تصور یہ ہے کہ آنے والے خطرے سے نمٹنے کے لیے ایک ہی ہتھیار پر انحصار کرنے کے بجائے مختلف فاصلے پر مختلف دفاعی سسٹم استعمال کیے جائیں۔ اس طرح کسی فضائی ہدف کو اپنے مطلوبہ ہدف تک پہنچنے سے پہلے تلاش کرنے، اس کا سراغ لگانے اور اسے تباہ کرنے کے متعدد مواقع حاصل ہوتے ہیں۔ دفاعی تجزیہ کار فاروق چوہدری کے مطابق اوپن سورس معلومات کی بنیاد پر دستیاب شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ پی اے ایف نے ڈرونز اور دیگر کم بلندی پر پرواز کرنے والے فضائی خطرات سے نمٹنے کے لیے توپوں پر مبنی دفاع کی متعدد تہوں کو چینی ساختہ ایچ کیو-17 اے ای ای میزائل نظام کے ساتھ جوڑنے کی حکمتِ عملی اختیار کی ہے۔ ان کے مطابق ڈرونز کے خلاف استعمال ہونے والے اس دفاعی ڈھانچے میں توپوں پر مبنی دفاع کی تین تہیں شامل ہیں۔

تاہم فاروق کے مطابق پی اے ایف کی جانب سے جاری کردہ مذکورہ ویڈیو میں ایل ڈی-76 باضابطہ طور پر نہیں دکھایا گیا۔ ان کا کہنا ہے کہ تاہم چند ہفتے قبل پی اے ایف کی ایک سرکاری شیلڈ کی تصویر سامنے آئی تھی جس پر ایل ڈی-76 کے ساتھ پاکستان اور چین کے پرچم دکھائی دے رہے تھے، جس کی بنیاد پر وہ سمجھتے ہیں کہ شاید مستقبل میں اس سسٹم کا آرڈر دیا جاسکتا ہے۔

ان کے مطابق ان توپوں پر مبنی نظاموں کو چینی ساختہ ایچ کیو-17 اے ای میزائل پر مبنی مختصر فاصلے کے فضائی دفاعی نظام کی مدد حاصل ہے، جو ڈرونز کے خلاف تقریباً 15 کلومیٹر تک مؤثر ہے اور مختلف ایسے فضائی ہتھیاروں کے خلاف بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جنھیں توپوں کے ذریعے روکنا ممکن نہیں ہوتا۔ بیرونی دفاعی تہہ ایچ کیو-17 اے ای فراہم کرتا ہے، جو چین میں تیار کیا گیا ایک متحرک سطح سے فضا میں مار کرنے والا مختصر فاصلے کا میزائل سسٹم ہے۔ اسے طیاروں، ہیلی کاپٹروں، ڈرونز، کروز میزائلز اور دیگر فضائی اہداف کے خلاف استعمال کے لیے دوسری دفاعی تہہ کو رسٹ 35 ملی میٹر خودکار فضائی دفاعی توپ کے نظام پر مشتمل ہے، جسے ترکی کی دفاعی کمپنی ایسیلسان نے تیار کیا ہے۔ ٹریک شدہ پلیٹ فارم پر نصب اس نظام میں دو 35 ملی میٹر خودکار توپیں شامل ہیں۔ کورٹ قابل پروگرام فضائی دھماکا خیز گولہ بارود استعمال کرتا ہے، جو فضا میں پھٹ کر ٹکڑوں کا ایک ایسا بادل پیدا کرتا ہے جو ڈرونز، فضا میں منڈلا کر حملہ کرنے والے ہتھیاروں اور دیگر کم بلندی پر پرواز کرنے والے اہداف کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ یہ نظام خاص طور پر بڑے پیمانے پر ہونے والے ڈرون حملوں کے خلاف مؤثر سمجھا جاتا ہے اور نسبتاً کم قیمت والے فضائی خطرات کے خلاف مہنگے میزائل استعمال کرنے کے مقابلے میں زیادہ کم خرچ متبادل فراہم کرتا ہے۔

اسے خصوصی طور پر چھوٹے اور انتہائی چھوٹے بغیر پائلٹ فضائی طیاروں کے خلاف کارروائی کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ساہن سسٹم ریڈار، الیکٹرو آپٹیکل سینسرز اور خودکار فائر کنٹرول نظام سے لیس ہے اور ہدف کے قریب پہنچ کر فضا میں دھماکا کرنے والے 40 ملی میٹر ایئر برسٹ گرینیڈز استعمال کرتا ہے۔ اہم تنصیبات کے گرد آخری دفاعی حصار کے طور پر کام کرتے ہوئے یہ نظام ان چھوٹے فضائی خطرات کو ختم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے جو دفاع کی پہلی دو تہوں سے بچ نکلیں۔

دفاعی تجزیہ کار فاروق چوہدری کے مطابق 2025 تک پی اے ایف کی توجہ روایتی طور پر فضائی دفاع کے لیے اپنے لڑاکا طیاروں اور فضائی صلاحیتوں پر رہی ہے۔ ان کے مطابق ڈرونز اور دیگر فضائی ہتھیاروں سے لاحق خطرے کے باعث اب پی اے ایف کو اپنی حکمتِ عملی میں تبدیلی لانا پڑی ہے اور وہ زمینی فضائی دفاع میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی اے ایف کی جانب سے حال ہی میں دکھائے گئے تین مختصر فاصلے کے فضائی دفاعی (SHORAD) نظام اسی وسیع تر حکمتِ عملی کا حصہ ہیں، جس کے تحت پی اے ایف ڈرونز کے خلاف استعمال کے لیے مختصر فاصلے کے فضائی دفاعی نظام شامل کرنے کو ترجیح دے رہی ہے۔

فاروق چوہدری کے مطابق یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ پی اے ایف نے مئی 2025 کے بعد ایک سال کے اندر یہ نظام اپنے دفاعی ڈھانچے میں شامل کیے، جو ان کی خریداری اور تعیناتی کی رفتار کو ظاہر کرتا ہے۔ دفاعی تجزیہ کاروں کا ماننا ہے کہ بظاہر یہ کثیر تہوں پر مشتمل دفاعی ڈھانچہ حالیہ تنازعات (انڈیا پاکستان، پاکستان افغانستان) سے حاصل ہونے والے اسباق کی عکاسی کرتا ہے، جہاں ڈرونز اور لوئٹرنگ میونیشنز کے بڑھتے ہوئے استعمال نے روایتی فضائی دفاعی نظاموں کی خامیوں کو نمایاں کیا اور ان کے لیے نئے چیلنجز پیدا کیے ہیں۔

اور اسی لیے دنیا بھر کی افواج ایسے تہہ در تہہ فضائی دفاعی نظام اپنانے کی جانب بڑھ رہی ہیں جو مختلف نوعیت کے فضائی خطرات کا مؤثر مقابلہ کرنے کے ساتھ ساتھ لاگت اور کارکردگی کے درمیان بہتر توازن بھی برقرار رکھ سکیں۔ ہر آنے والے ڈرون یا فضائی خطرے کے خلاف مہنگے میزائل استعمال کرنے کے بجائے، کثیر تہوں والے دفاعی نظام میزائل، فضائی دفاعی توپوں اور کاؤنٹر ڈرون سسٹمز کو یکجا کرتے ہیں۔ اس حکمتِ عملی میں کسی خطرے کی نوعیت، فاصلے اور سائز کے مطابق میزائل، خودکار توپ یا کاؤنٹر ڈرون نظام کا انتخاب کیا جاسکتا ہے، جس سے دفاعی وسائل کے زیادہ مؤثر استعمال میں مدد ملتی ہے۔

فاروق چوہدری کے مطابق پی اے ایف ترک ساختہ توپوں کی ٹیکنالوجی کو چینی میزائل نظام کے ساتھ ملا کر ایک مربوط بیس ڈیفنس فراہم کرنا چاہتی ہے، جسے وہ سی آئی ڈبلیو ایس (Close-In Weapon System) کہتی ہے۔ ان کے مطابق اس طریقہ کار کے ذریعے پی اے ایف ڈرونز سے لے کر کم بلندی پر پرواز کرنے والے کروز میزائلز اور توسیع شدہ رینج والے بموں تک مختلف فضائی ہتھیاروں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت حاصل کرنا چاہتی ہے۔

یہ تعاون پاکستان کے چین اور ترکی کے ساتھ بڑھتے ہوئے دفاعی تعلقات کو بھی ظاہر کرتا ہے، جہاں مختلف ذرائع سے حاصل کی گئی ٹیکنالوجی کو ایک مشترکہ دفاعی ضرورت کے لیے یکجا کیا جا رہا ہ

ماہنامہ حکمت

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال دار ہونے میں کوئی خطرہ نہیں ہے اور محمد رسول اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال داری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور نفس اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے"۔

پاکستان کی جوہری تنصیبات

کا پہلا عالمی جائزہ مکمل

عالمی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ماہرین نے پاکستان کی جوہری تنصیبات اور ایٹمی اثاثوں کے تحفظ سے متعلق 12 روزہ جائزہ مکمل کرنے کے بعد پاکستان کے جوہری سکیورٹی نظام کو مضبوط اور موثر قرار دیا ہے۔ سات رکنی عالمی ٹیم نے پہلی مرتبہ پاکستان کے جوہری تحفظ کے قانونی، انتظامی اور ضابطہ جاتی نظام کا جائزہ لیا اور حفاظتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید بہتری کے لیے بعض سفارشات بھی پیش کیں۔ یہ جائزہ پاکستان کے ذمہ دارانہ طرزِ عمل اور جوہری تحفظ کے لیے مسلسل کوششوں کا اہم اعتراف ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ اپنے جوہری پروگرام کے حوالے سے ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا اور آئی اے ای اے سمیت متعلقہ بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون کو اہمیت دی۔ پاکستان کا جوہری پروگرام دفاعی ضروریات اور قومی سلامتی کے تقاضوں کے تحت تشکیل دیا گیا۔ عالمی ماہرین کا حالیہ جائزہ اس حقیقت کی تصدیق کرتا ہے کہ پاکستان اپنے جوہری اثاثوں کی حفاظت کے لیے موثر انتظامی اور تکنیکی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس کے برعکس ہمارے پڑوسی ملک بھارت کے جوہری مواد کے تحفظ اور نگرانی کے نظام پر سنجیدہ سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ بھارت میں یورینیم کی غیر قانونی خرید و فروخت، تابکار مواد کی چوری اور اس کی سمگلنگ کی کوششوں کے متعدد واقعات سامنے آ چکے ہیں۔ ایسے واقعات محض داخلی سلامتی کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے جنوبی ایشیا کے لیے تشویش کا باعث ہیں۔ اگر حساس جوہری یا تابکار مواد غیر متعلقہ عناصر کے ہاتھ لگ سکتا ہے تو اس کے نتائج کسی ایک ملک تک محدود نہیں رہیں گے۔ بھارت میں جوہری تنصیبات سے متعلق بعض حادثات اور حفاظتی بے ضابطگیوں کی اطلاعات بھی اس امر کی متقاضی ہیں کہ وہاں نگرانی اور احتساب کے نظام کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جائے۔ یہاں ایک مسئلہ عالمی اداروں کے یکساں طرزِ عمل کا بھی ہے۔ اگر پاکستان اپنی جوہری تنصیبات عالمی ماہرین کے جائزے کے لیے پیش کر سکتا ہے تو بھارت کے متعلقہ نظام کا بھی اسی سنجیدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ آئی اے ای اے کو بھارت کے جوہری پروگرام کے جامع حفاظتی جائزے کے لیے بھی اقدامات کرنے چاہئیں۔ جوہری سلامتی کسی ملک کی سیاسی حیثیت، معاشی طاقت یا عالمی تعلقات کی بنیاد پر نہیں بلکہ یکساں بین الاقوامی اصولوں کے مطابق جانچی جانی چاہیے۔ پاکستان کے لیے عالمی ماہرین کی مثبت رائے یقیناً اطمینان بخش ہے لیکن دنیا کا حقیقی تحفظ اسی وقت ممکن ہوگا جب تمام جوہری ممالک یکساں شفافیت، ذمہ داری اور احتساب کے تقاضے پورے کریں گے۔

تاریخ پاکستان۔۔۔نون سے جونیجو تک

تاریخ پاکستان کا مطالعہ کیا جائے تو یہ تاریخ موروثین کی نظر میں عجیب و غریب اور حیرت کدہ قرار پاتی ہے۔ پاکستانی اسے قابل تاسف، لائق افسوس اور باعث شرمندگی سمجھتے ہیں۔ زمانہ اسے دلچسپ اور پر لطف گردانتا ہے۔ اشرافیہ کو سرے سے تاریخ پاکستان سے دلچسپی ہی نہیں۔ البتہ حریف و قلیم کے لیے مثل بازیچہ اطفال ہے جہاں انہیں شب و روز نئے سے نیا تماشا دیکھنے کو ملتا ہے۔ قیام پاکستان سے لے کر 1958 تک یعنی پہلے 11 سالوں میں پاکستان میں 7 وزیراعظم بدل چکے تھے۔ 5 میں سے 3 کو تبدیل کرنے کا شرف جنرل سکندر مرزا کو اپنے 3 سالہ دور صدارت میں نصیب ہوا۔ اس صورتحال پر پطرس بخاری نے ایک فقرہ کچھ یوں چست کیا تھا، میں نے اتنی ٹوپیاں نہیں بدلیں، جتنے پاکستان نے وزیراعظم بدلے ہیں۔۔۔!۔ بدلے بدلائے کا یہ تسلسل اب تک قائم و دائم ہے اور پارٹیوں کی طرف سے لپک لپک کر بلے دینے، چھک چھک کر بھپتیاں کسنے اور پھبتیں مارنے کا سلسلہ بھی جاری وساری ہے۔

پاکستانی قوم ہمیشہ سے بادِ نو بہار لانے والے چمن بیدا کی منتظر رہی ہے۔ اس غمزدہ اور نیم پسمل قوم نے ایسے مسیحا کی خواہش اور دعا کی جو اس کے دکھوں کا مداوا کر سکے اور زخموں پر مرہم رکھ سکے۔ بہت سوں کو تو اس نے مسیحا سمجھ کر خوش آمدید بھی کہا مگر نہ گل و گلزار مہک سکے، نہ مشکلات کا ازالہ ہو سکا اور نہ ہی زخم مندمل کرنے کی کوئی سبیل پیدا ہو سکی۔ دیکھا جائے تو ہمارے حکمرانوں نے بلاشبہ بہت اچھے کام بھی کیے مگر ساتھ ہی ساتھ ان سے سنگین غلطیاں بھی سرزد ہوئیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کچھ لوگوں نے ان کہ بعض کارناموں پر انہیں ہیرو ماننا شروع کر دیا اور کچھ ان سے سرزد ہونے والی غلطیوں کی بنا پر تختہ لے کر ان کے پیچھے پڑ گئے۔ یہ بھی ہوا کہ کچھ رہنماؤں کو کچھ کرنے کا موقع ہی نہیں دیا گیا۔

وزیراعظم ملک فیروز خان نون کا دور حکومت صرف 10 ماہ کی قلیل مدت پر محیط ہے۔ ان کے عہد میں بھارت کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئی۔ ایران کے ساتھ ایک سرحدی معاہدہ بھی ہوا جس سے پرانے تنازعات کو حل کیا گیا۔ اسی مختصر مدت میں انہوں نے گوادر کو عمان سے حاصل کر کے ارض پاکستان کا حصہ بنایا۔ مزے کی بات یہ ہے کہ شہنشاہ ایران بھی چاہ بہار کو توسیع دینے کے لئے گوادر کو اپنی عمرو میں شامل کرنے کی کوششوں میں تھے مگر گوادر حاصل کرنے پہ قرعہ ملک فیروز خان نون اور خانون

اللہ دتہ مجھی

اول، بیگم وقار النساء نون کے نام نکلا۔ بقول حنیف عباس بھٹی، وقار النساء نون نے یہ جنگ گوادر کی بجائے محض قلم، دلائل اور گفت و شنید کی مدد سے جیتی جس میں برطانیہ کے وزیراعظم ہیرالڈ میکملن نے کلیدی کردار ادا کیا اور 8 ستمبر 1958 کو گوادر کا علاقہ پاکستان کا حصہ بن گیا۔ یہ کارنامہ ایک فسانوی کہانی سے کسی طور کم نہیں مگر صد حیف اس واقعہ کے ایک ماہ بعد اس حکومت کو چلتا کیا گیا۔

صدر محمد ایوب خان نے کافی کارنامے سر انجام دیے۔ بڑے بڑے ڈیم اور بیراج بنائے۔ زرعی ملک ہونے کے ناتے زراعت پر بھرپور توجہ دی۔ عمدہ بیج اور کھادیں متعارف کرائی گئیں۔ مسئلہ کشمیر حل کرنے کی سنجیدہ کوششیں ہوئیں۔ بلدیاتی نظام رائج کیا۔ زرعی اصلاحات نافذ کیں مختلف محکمہ جات قائم کیے گئے۔ چین کے ساتھ سرحدی معاملات طے کر کے دوستی کی مضبوط بنیاد رکھی۔ سندھ طاس معاہدہ عمل میں لایا گیا۔ دوسری طرف پاک چین سرحدی سمجھوتہ، سندھ طاس معاہدہ اور معاہدہ تاشقند تنقید کی زد میں بھی آئے۔ بلدیاتی انتخابات میں دھاندلی کی شکایات ہوئیں۔ ایبڈو، پروڈا اور پی پی او جیسے قوانین بنائے گئے جن کو مشکوک خیز اور کالے قوانین کا نام دیا گیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ان قوانین کی پر چھائیاں اب بھی ہمارا پیچھا کر رہی ہیں۔ علاوہ ازیں صدر صاحب پر کنبہ پروری اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات بھی لگے۔ ان کے جانشین صدر یحییٰ خان کے بارے میں کچھ نہ کہنا، کچھ کہنے سے کہیں بہتر ہے۔

(واقتدار علی بھٹو کے حصے میں بھی تعریف و تنقید دونوں آئیں۔ 1971 کے سانحے کے بعد انہوں نے قوم کا مورال بہتر کرنے کی کوشش کی۔ بھارت سے شملہ معاہدہ کیا۔ 90 ہزار سے زیادہ جنگی قیدی چھڑائے، پاکستان کو متفقہ آئین دیا۔ 1973 میں ان کی نیشنلائزیشن کی پالیسی نے معیشت کا ایسا بیڑہ غرق کیا کہ وہ دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل نہ ہو سکی۔ بلدیاتی اداروں سے لاتعلقی اختیار کیے رکھی۔ انتخابات میں دھاندلی کر کے اپوزیشن کو تحریک چلانے اور غیر جمہوری مداخلت کو دعوت دینے کا موقع فراہم کیا۔ تحریک نظام مصطفیٰ کے عروج کے دنوں اپوزیشن کی مذاکراتی ٹیم سے معاملات کو linger-on کرنے کی پالیسی اختیار کی جو ان کی حکومت کے خاتمے پر منتج ہوئی۔

صدر ضیاء الحق نے ایٹمی پروگرام کا تسلسل برقرار رکھا۔ افغان مجاہدین کی مدد سے سوویت یونین کا مزید آگے بڑھنے کا راستہ روکا۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں اعتدال پر رکھیں۔ مختلف آرڈیننس جاری کر کے سیاسی و سماجی سدھار لانے کی کوشش کی۔ بلدیاتی اداروں کو بحال کیا۔ سوویت یونین کے خلاف افغان ایشو پر سفارتی کامیابیاں حاصل کیں۔ پاکستانیوں کی ایک قابل ذکر تعداد کو مہاجر کرنے میں کامیاب ہوئے۔ دوسری طرف ان کی افغان پالیسی انتہی پر تنقید کا باعث بنی جس سے منشیات اور کلاشنکوف کلچر کو فروغ ملا۔ لسانی اور فرقہ واریت کے بیج پروان چڑھ کر تناور درخت بنے۔ بھٹو صاحب کی پھانسی نے قوم کو دو واضح گروپوں میں بانٹ دیا۔ پیپلز پارٹی کو دیوار کے ساتھ لگا دیا گیا۔ پاک بھارت سیاچن تنازع شروع ہوا۔ ان کے گورنر صوبہ سرحد نے کالا باغ ڈیم کے منصوبے کو اپنے سیاسی مقاصد کے لیے سبوتاژ کیا۔ اپنے ہاتھوں سے تراشے صنم کو 58 ٹو بی کے کلہاڑے سے توڑ دیا۔

حامد حسین عباسی

دسمبر 1971 کے سانحے کے بعد بچے کھچے پاکستان کی باگ ڈور بھٹو صاحب کے ہاتھ آئی۔ ان کے دور کا سب سے بڑا کارنامہ 1973 کا متفقہ آئین ہے۔ اس کے علاوہ ایٹمی پروگرام کا آغاز، اسلامی سربراہی کانفرنس اور لاہور میں دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کا انعقاد، ہیوی مکینیکل کمپلیکس ٹیکسلا، ہیوی الیکٹریکل کمپلیکس کامرہ، پاکستان سٹیل ملز کراچی، پاکستان آرڈیننس فیکٹریز واہ، پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس کامرہ، پاکستان آرمامنٹ کارپوریشن ٹیکسلا، پاکستان ہیوی الیکٹریکل کمپلیکس حویلیاں، پاکستان ہیوی مکینیکل کمپلیکس حویلیاں

عوامی اشتہارات

Himmat Classfied

اطلاع گمشدگی

میرا ڈرائیونگ لائسنس نمبر0220008296 بنام محمد اصغر ولد محمد طاہر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 0342-3006524 مطلع کریں۔

المشتہر:۔ محمد اصغر ولد محمد طاہر

میں مائننگ کا شعبہ صوبے کی معاشی ترقی کیلئے خصوصی اہمیت رکھتا ہے، معدنی وسائل کی بہتر منصوبہ بندی، جدید طریقہ ہائے کار کے فروغ اور متعلقہ شعبوں کے درمیان تعاون کو وسعت دیکر اس شعبے کی استعداد سے زیادہ موثر انداز میں استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ سیکرٹری محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ بلوچستان سیدال خان لونی جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کو اپنے والد محترم عبدالعزیز خان لونی کی (برکش بلوچستان) کے نام سے مشہور کتاب پیش کی اور بعد ازاں جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے۔

بقیہ 1

صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پیر کے روز بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں قائم ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے معزز اراکین اسمبلی کو مرکز کے قیام کے مقاصد، فراہم کی جانے والی سہولیات اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی ہدایات پر عمل میں لایا گیا ہے، جس کا بنیادی مقصد معزز اراکین اسمبلی کو قانون سازی، پارلیمانی امور، تحقیق اور دیگر دفتری و انتظامی معاملات میں ایک ہی مقام پر معز، معیاری اور بروقت معاونت فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدام اراکین اسمبلی کی پارلیمانی استعداد کار میں اضافے اور قانون سازی کے عمل کو مزید معز، منظم اور نتیجہ خیز بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے اراکین اسمبلی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر میں اراکین کو قراردادوں، توجہ دلاؤ نوٹسز، تحریکات التوا تحریکات استحقاق، سوالات اور مسودات قانون کی تیاری سمیت متعلقہ قواعد کے مطابق ان کی ترتیب میں معاونت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 2

کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 7

جنہیں عوام ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کے لیے آنے والے میر اعجاز حسین خان کھوسہ میر محمد آصف خان کھوسہ حبیب اللہ کھوکھر وڈیرہ نثار احمد لانگو و دیگر مختلف عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ عوام کی خدمت کا جذبہ ہمیں اپنے بزرگوں سے ورثے میں ملا ہے اور اس مشن کو آگے بڑھانا میرے لیے محض ایک سیاسی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک عہد اور مشن کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان شاء اللہ اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کی خدمت کا یہ سلسلہ پوری لگن اور خلوص کے ساتھ جاری رکھوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے خاندان نے ہمیشہ عوام کے ساتھ اپنے تعلق کو اہمیت دی ہے۔ عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا، ان کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہماری روایات کا حصہ رہا ہے۔

بقیہ 8

کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی درج کیے۔

بقیہ 9

سکیورٹی پلان، ٹیموں کی تعیناتی اور مہم کو مؤثر بنانے کے لیے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مہم کے دوران کوئٹہ میں تقریباً 4 لاکھ 30 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بابوئی نے ہدایت کی کہ جن یونین کونسلز میں مہم کے دوران مشکلات کا سامنا ہے، وہاں خصوصی پولیو ٹیمیں تعینات کی جائیں تاکہ کوئی بھی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے علماء کرام، سیاسی و قبائلی عمائدین کو بھی مہم میں شامل کرنے اور عوام میں پولیو سے بچاؤ کے حوالے سے مؤثر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ پولیو مہم کے دوران سکیورٹی سمیت تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 10

سیاسی اختلافات موجود ہیں، مگر منتخب حکومت کو غیر آئینی طریقے سے ختم کرنا کسی بھی جمہوری طریقہ نہیں ہے۔ میر یونس عزیز زہری نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ ووٹ کی عزت کا دعویٰ کرنے والوں کا دعویٰ اب کہاں چلا گیا ہے؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کو فوری بحال کر کے جمہوری طریقوں سے حکومت کو چلنے دیا جائے۔ انہوں نے حکمرانوں سے استفسار کیا کہ کیا اس بات کی کوئی گارنٹی ہے کہ اس ایمرجنسی کے نفاذ سے خیبر پختونخوا میں امن قائم ہو جائے گا؟ جمہوری حکومت کا گلا گھونٹنا جمہوریت اور ملک کی سیاسی بقا کے لیے ہرگز نیک شگون نہیں ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے تاریخی تقابل کرتے ہوئے کہا کہ اگر جمہوری حکومت بھی ڈکٹیٹروں کی طرح کے اقدامات کرنے لگے تو پھر فرق کس سے کیا جائے؟ انہوں نے یاد دلایا کہ پرویز مشرف نے 12 اکتوبر کو شب خون مارا تھا اور اب یہ ایمرجنسی بھی 11 اکتوبر کو نافذ کی گئی ہے، جو جمہوریت پر حملے کی تاریخ کو دہراتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنی جماعت اور پوری اپوزیشن کی طرف سے اس غیر آئینی عمل کی سخت مذمت کرتے ہیں۔ میر یونس عزیز زہری نے متنبہ کیا کہ ملک پہلے ہی انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اس نوعیت کے اقدامات سے ملک جمہوری و معاشی طور پر مزید پیچھے چلا جائے گا۔

بقیہ 11

سب معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ انھوں نے اپنی تقریر میں افغانستان میں طالبان حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے، افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ پاکستان کے وزیر خارجہ نے افغان طالبان پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد بند کریں۔

بقیہ 12

شہادت پر دلی رنج و غم ہے۔ دونوں بہادر سپوتوں کی شہادت ایک قومی نقصان ہے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے شہدا کی عظیم قربانی کو سلام پیش کرتی ہے۔ صوبائی وزیر خوراک نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ شہدا کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 13

گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے کہا کہ دونوں افسران کی شہادت ایک افسوسناک سانحہ ہے، جس پر پوری قوم سوگوار ہے۔ انہوں نے شہداء کی خدمات اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک و قوم کے لیے فرائض کی انجام دہی کے دوران جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر افسران ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گے۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 14

شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ دونوں افسران کی شہادت ایک المناک سانحہ ہے۔ جعفر خان مندوخیل نے سوگوار خاندانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر پی ایم اے جہلم ڈاکٹر ساجد علی ڈوگر نے بھی دونوں عہدیداران کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سے گجرات تک کا سفر طے کر کے کنونشن میں شرکت ڈاکٹر برادری کے ان کی وابستگی اور یکجہتی کا مظہر ہے۔ پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور پوری کابینہ نے کنونشن کے میزبانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ڈاکٹرز کے وقار، حقوق اور مستقبل کے تحفظ کے لیے ملک بھر کی ڈاکٹر برادری کے ساتھ مل کر جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 15

زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 16

فائرنگ کر کے اسے زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے اطلاع ملتے ہی پولیس نے زخمی نوجوان کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ منتقل کر دیا جہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز نے زخمی نوجوان کی حالت خطرے سے باہر بتائی بعد ازاں پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع واردات پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے تاہم آخری اطلاعات آنے تک کوئی گرفتاری عمل میں نہ لائی جاسکی تھی۔

بقیہ 17

اعزاز میں عصرانہ دیا گیا جس میں کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین، سینئر نائب صدر محمد افضل مغل، بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، سینئر صحافی ایمنکر پی ایف یو جے کے سابق صدر شہزادہ ذوالفقار، عبدالخالق رند، سید گلزار شاہ، چوہدری امتیاز، کاشم مینگل، نورالہی، عظمی راجر سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھیں۔ جنہوں نے دانش مراد اور محمد حنیف کی اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ملک نیک خواہشات اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔

بقیہ 18

دوران شرکا تین روز تک ٹیبلٹپ سرگرمیوں میں حصہ لیں گے، جبکہ آخری روز خصوصی دعا کا اہتمام کیا جائے گا۔

بقیہ 19

کردار ادا کر رہے ہیں حکومت پرائیویٹ اسکولوں کو سہولیات دینے کی بجائے انہیں تنگ کرنے کا سلسلہ ترک کردے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو واٹس چیئرمین حافظ نعمت اللہ خان کاکڑ، ایجوکیشن سیکرٹری لیاقت علی ہزارہ، فنانس سیکرٹری جمیل احمد مشوانی، حاجی عظمت اللہ خان کاکڑ، قاری زیب الرحمٰن کاکڑ اور دیگر پرائیویٹ اسکولوں کے مالکان اور اساتذہ کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد کسی سرکاری ادارے حکومتی ادارے کے ساتھ تصادم نہیں بلکہ نجی تعلیمی اداروں کے جائز حقوق کا تحفظ، انتظامی اختیارات کی وضاحت، والدین اور اسکول انتظامیہ کے درمیان اعتماد کی بحالی اور بلوچستان میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ایک واضح اور منصفانہ پالیسی کا مطالبہ کرنا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ تعلیم ایک مشترکہ قومی ذمہ داری ہے اس شعبے سے متعلق ہر فیصلہ قانون، شفافیت، باہمی مشاورت اور طلبہ کے بہترین مفاد کو سامنے رکھ کر کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 20

کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال خان کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فورم کا مقصد بلوچستان میں موجود سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کو قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے سامنے پیش کرنا اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نئے امکانات تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کو سرمایہ کاری، تجارت اور معاشی ترقی کا ایک اہم مرکز بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس وژن کو عملی جامہ پہنانے اور صوبے میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اکنامک ایڈوانٹیجمنٹ فورم اس سلسلے میں ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا، جس سے صوبے کی معاشی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے اور کاروباری روابط کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 21

مذاکرات کے لیے یکم نومبر 2026 کی ڈیڈ لائن دی، اور ہسپتالوں و کلینکس کے لیے پوائنٹ آف سیل (POS) نظام کے خاتمے اور ڈاکٹرز سے متعلق ایس آر او 175 میں ترمیم کا مطالبہ کیا۔ صدر منتخب پی ایم اے پنجاب ڈاکٹر مقصود زاہد نے پی ایم ڈی سی کی جانب سے نوجوان ڈاکٹرز کی معطلی کے احکامات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایک کمیٹی کی تشکیل کا اعلان کیا، جو سیاسی مداخلت کے بغیر پی ایم ڈی سی حکام سے رابطہ کر کے ان احکامات کی واپسی کے لیے کوشش کرے گی۔ کنونشن میں پنشنرز کی پنشن میں مبینہ طور پر نصف کٹوتی کی بھی شدید مذمت کی گئی اور اس فیصلے کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر پی ایم اے بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر زرک محمد شاہی نے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان کے ڈاکٹرز کو درپیش مسائل اجاگر کیے۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلیجنس) سے متعلق مسائل، ایف بی آر کی جانب سے نافذ کردہ پوائنٹ آف سیل نظام اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے ٹیکسوں پر بات کی۔ انہوں نے صوبے بھر میں ڈاکٹرز کے ساتھ روا رکھے جانے والے ناروا سلوک، بالخصوص انتظامی عہدوں پر فائز افراد کی جانب سے سینئر ڈاکٹرز کی بے حرمتی کی شدید مذمت کی اور بلوچستان کے دیگر دیرینہ مسائل بھی کنونشن کے سامنے رکھے۔ کنونشن کے شرکاء نے متفقہ طور پر پی ایم اے بلوچستان کے مؤقف کو سراہا اور بلوچستان سے آئے ہوئے وفد کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر پی ایم اے جہلم ڈاکٹر ساجد علی ڈوگر نے بھی دونوں عہدیداران کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سے گجرات تک کا سفر طے کر کے کنونشن میں شرکت ڈاکٹر برادری کے ساتھ ان کی وابستگی اور یکجہتی کا مظہر ہے۔ پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور پوری کابینہ نے کنونشن کے میزبانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ڈاکٹرز کے وقار، حقوق اور مستقبل کے تحفظ کے لیے ملک بھر کی ڈاکٹر برادری کے ساتھ مل کر جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 22

حکومت آئندہ دو سے تین سال کے دوران بعض قلیل مدتی بیرونی قرضوں کو طویل میعادی قرضوں میں تبدیل کرنے کی کوشش کرے گی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر بنکاک میں بلوم برگ کو انٹرویو میں وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان نے چار سال کے وقفے کے بعد عالمی مالیاتی منڈیوں سے کامیابی کے ساتھ رجوع کیا ہے، حال ہی میں جاری کیے گئے تین ارب ڈالر کے یورو بانڈز کیلئے سرمایہ کاروں کی جانب سے مجموعی طور پر چھ ارب ڈالر کی پیشکشیں موصول ہوئیں، جو جاری کردہ بانڈز کی مالیت سے دوگنا زیادہ ہیں، زیادہ تر سرمایہ کار یورپ اور امریکا سے تعلق رکھتے تھے جبکہ ایشیائی اور مشرق وسطیٰ کے سرمایہ کاروں نے بھی اس میں حصہ لیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان کی درمیانی مدت کی قرضہ حکمت عملی کا مقصد محض فوری مالی ضروریات پوری کرنا نہیں بلکہ قرضوں کی پائیداری کو یقینی بنانا، بیرونی قرضوں کی مدت بڑھانا اور مالی وسائل کے حصول کے ذرائع متنوع بنانا ہے

بقیہ 23

جاوید بلوچ نے پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ انسپکٹر وسیم احمد اور سب انسپکٹر خادم حسین لاشاری پر مشتمل ٹیم نے معمول کی چیکنگ کے دوران ایک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا تاہم گاڑی سوار افراد نے رکنے کے بجائے فرار ہونے کی کوشش کی اور مبینہ طور پر اہلکاروں پر فائرنگ کردی محکمہ ایکسائز کے عملے نے گاڑی کا تعاقب کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی جس پر ملزمان گاڑی آبادی میں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ گاڑی سے تلاشی کے دوران 20 کلوگرام چرس اور 14 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کی آئس برآمد ہوئی۔ جاوید بلوچ نے بتایا کہ ملزمان کو ٹریس کرلیا گیا ہے اور ان کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں، جبکہ جلد گرفتاری کی توقع ہے۔

بقیہ 24

مستقبل کی ضمانت ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی افتتاحی تقریب میں شرکت بولان ریسرچ اکیڈمی (Bolan Research Academy) کی افتتاحی تقریب پریس کلب کوئٹہ میں منعقد ہوئی، جس میں رکن صوبائی اسمبلی و امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ بطور مہمان خصوصی جبکہ سابق امیر جماعت اسلامی بلوچستان عبدالحسین اخونزادہ، ایڈیشنل ڈپٹی سیکرٹری محمد فاروق کاکڑ، ممتاز اسکالر/نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان ڈاکٹر عطاالرحمان، الحمد یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، بازمحمد شہید لائبریری کے چیئرمین، ممتاز معالج ڈاکٹر لعل محمد کاکڑ، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، مولانا محمد ہاشم کاکڑ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات و خواتین نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد بلوچستان میں علمی، تحقیقی اور تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور صوبے کی تاریخ، سماجی حالات، علاقائی مسائل اور دیگر اہم موضوعات پر تحقیق کے لیے ایک معیاری پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ اس موقع پر تحقیق، علمی مکالمے اور مستقبل کے تعلیمی منصوبوں کے حوالے سے تبادلہ خیال و مشاورت کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ علمی و تحقیق کے حوالے مختلف جامعات کیساتھ ملکر کام کریں گے۔ بلوچستان میں دہائیوں سے جاری غلط رسومات ختم کرنے کی ضرورت ہے ہم مختلف شعبہ ہائے زندگی میں ریسرچ و کام کریں علم و تحقیق کی راہ ہموار کریں لائبریری مخصوص ڈیجیٹل لائبریریوں کو آباد کریں گے۔ علم و تحقیق کے سفر میں بہتری جدت و وسعت لائیں گے۔ بولان اکیڈمی انشاءاللہ علم و ریسرچ کے سفر کو تیز اور علمی حلقوں کو درمیان رابطوں میں بہتری و وسعت لانگی۔ تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن کی فلاحی و سماجی خدمات کا بھی ذکر کیا گیا۔ صحافتی برادری کی جانب سے پی جے اے کے صدر شاہد علی مگسی اور سینئر میڈیا کوآرڈینیٹر رانا عبدالروف بھی نمایاں شخصیات میں شامل تھے۔ بولان ریسرچ اکیڈمی کا قیام بلوچستان میں علم و ادب، تحقیق اور فکری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایک اہم قدم ہے جس سے علمی و تحقیقی میدان میں نئی راہیں کھلنے اور صوبے کے تاریخی و سماجی موضوعات کو اجاگر کرنے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ 25

گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھینا گیا موبائل فون، غیر قانونی اسلحہ اور نقد رقم برآمد کر لی ہیں۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈکیتی کے ایک مقدمے میں کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چھینا گیا مسروقہ موبائل فون بحال کر لیا ہے، جبکہ وارداتوں میں ملوث دیگر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ دوسری کارروائی میں ایک مشتبہ شخص کو روک کر تلاشی لینے پر اس کے قبضے سے غیر قانونی 30 بور پسٹل معہ رانڈز برآمد کر کے اسے حراست میں لے لیا گیا۔ علاوہ ازیں ایک اور کارروائی کے دوران پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 550 گرام زہریلی منشیات (آئس) برآمد کی ہے۔ حب سٹی پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 26

اس کا ڈرائیور زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 27

میں موجودہ بڑی تیزی سے بدلتی ہوئی آئینی اور سیاسی صورتحال جس میں صوبہ خیبر پختونخوا میں منتخب ایک آئینی حکومت کی برطرفی اور وزیر اعلیٰ کی گرفتاری جیسے سنگین سیاسی حالات پر غور و خوض کیا جائے گا اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا اجلاس میں سپریم کورٹ بار ایسوسیشن کے سابق صدور حامد خان، منیر اے ملک، عابد زبیری سمیت لاہور ہائیکورٹ بار کے صدر بابر مرتضیٰ، لاہور بار کے صدر عرفان حیات باجوہ، کراچی ہائیکورٹ بار ایسوسیشن کے صدر سیکریٹری حبیب جمالی نائب صدر سندھ ممبر پاکستان بار کونسل بیرسٹر صلاح الدین نائب صدر پنجاب رعیہ باجوہ نائب صدر اسلام آباد ریاست آزاد نائب صدر خیبر پختونخوا ممبر بار کونسل علی زمان نائب صدر بلوچستان غنی علی سمیت پاکستان بار کونسل کے ممبران سندھ بار کونسل، خیبر پختونخوا بار کونسل، پنجاب بار کونسل، بلوچستان بار کونسل کے ممبران سمیت ملک بھر سے بار نمائندگان شرکت کریں گے۔

بقیہ 28

اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں حیات خان اچکزئی نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع اور خدمات کے دوران پاک فوج کے دونوں جانباز افسران کی شہادت پر دلی صدمہ ہوا ہے۔ قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی جنہوں نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس مشکل گھڑی میں شہید افسران کے غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ حیات خان اچکزئی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 29

منتقل کیا، جہاں موجود ڈاکٹروں نے اس کی حالت خطرے سے باہر قرار دے دی۔ واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی۔ تاہم آخری اطلاعات تک واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی تھی۔

بقیہ 30

خیالات اظہار انہوں نے پر کو جاری کردہ بیان کیا۔ میر طارق محمود کھیتران نے کہا کہ فصلوں کے ساتھ ساتھ علاقے میں توانائی کے نظام کے لیے نصب کردہ کروڑوں روپے مالیت کے سولر پینلز بھی شدید ژالہ باری کی زد میں آ کر تباہ ہوگئے ہیں، جس کے نتیجے میں غریب کاشتکاروں کا بے تحاشا مالی نقصان ہوا ہے۔ سابق وزیر میر طارق محمود کھیتران نے حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ رکھی اور ملحقہ علاقوں میں متاثرہ زمینداروں کے ہونے والے تمام تر نقصانات کا شفاف اور جامع تخمینہ لگایا جائے۔ مالی امداد و ازالہ: تباہ شدہ فصلوں اور سولر پینلز کے نقصان کو مدنظر رکھتے ہوئے غریب کاشتکاروں اور زمینداروں کے لیے فوری طور پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے اور ان کے نقصانات کا مکمل ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی آفت کی اس مشکل گھڑی میں حکومت کو آگے بڑھ کر اپنے غریب اور بے بس زمینداروں کا ہاتھ تھامنا ہوگا تاکہ وہ اس معاشی تباہی سے نکل سکیں۔

بقیہ 31

ایکسٹینشن ڈویلپمنٹ ایشیٹو (BSDI) فیز ٹو کے تحت مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ فیز تھری کے منصوبوں پر پیش رفت اور ان پر مجموعی آمد کے حوالے سے بھی غور و خوض کیا گیا اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو بلوچستان آئیشل ڈویلپمنٹ ایشیٹو فیز ٹو کے تحت مکمل کیے جانے والے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر منصوبوں کی تکمیل، معیار اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں کی افادیت کو یقینی بنانے اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کی اہمیت پر زور دیا اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان آئیشل ڈویلپمنٹ ایشیٹو (BSDI) فیز تھری کے تحت ضلع نصیر آباد میں مجموعی طور پر 29 ترقیاتی منصوبے شامل ہیں جن میں سے 23 منصوبوں کے ٹینڈرز کا عمل مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی 6 منصوبوں کے ٹینڈرز کا عمل ابھی مکمل ہونا باقی ہے ان منصوبوں پر بھی جلد پیش رفت متوقع ہے جس کے بعد ان پر عملی کام شروع کرنے کی راہ ہموار ہوگی ڈپٹی کمشنر وزیر ندر لعل نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل شفافیت اور تعمیراتی معیار کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھائیں تاکہ منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر سے بچا جاسکے اور عوام کو ان کے ثمرات جلد میسر آئیں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان آئیشل ڈویلپمنٹ ایشیٹو فیز تھری کے تحت جاری ترقیاتی عمل سے ضلع نصیر آباد میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری عوامی سہولیات میں اضافے اور علاقے کی مجموعی ترقی میں مدد ملے گی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کی نگرانی اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کو بھی اہم قرار دیا گیا۔

بقیہ 32

(ن) لیبر ونگ اور دیگر مزدور تنظیموں کے زیر اہتمام منعقدہ لیبر ونگ کنونشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، عامر خان مندوخیل، زمان ملاخیل، یونس بلوچ، عبدالفتاح جمالی، چوہدری شبیر، عابد بٹ، لیبر ونگ کے صدر چوہدری نوید وحید کاسی، عامر شیخ، سیف اللہ، ملک محمد حسین سمیت مزدور رہنماؤں، لیبر ونگ کے عہدیداروں اور مختلف یونینز کے نمائندے شریک تھے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف نے ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے اور ہم اسی وژن کو پوری قوت سے آگے بڑھا رہے ہیں۔ "جو ہاتھ کارخانوں کا پہیہ چلاتے ہیں، انہی ہاتھوں سے ملک کی ترقی کا پہیہ چلتا ہے۔ ہم ان کی آواز بنیں گے اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ کیونکہ مزدور کا مسئلہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے اور اس کا حل بھی سب کی مشترکہ کوششوں سے ممکن ہے۔ ہم نہ صرف وعدے کرنے آئے ہیں بلکہ نتائج دینے آئے ہیں۔ مزدور کو وقت پر اجرت، محفوظ ماحول اور باعزت روزگار ملنا اس کا بنیادی حق ہے، اور یہ حق دلوانا ہمارا فرض ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ مزدور تنظیم کے رہنماؤں کی مشاورت سے مسائل کی فہرست مرتب کر کے ہر مسئلے پر عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے اور پیش رفت سے مزدور رہنماؤں کو باقاعدگی سے آگاہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت منتخب نمائندوں اور مزدور تنظیموں کے درمیان مضبوط رابطہ ہی پائیدار حل کی ضمانت ہے، اور تمام منتخب نمائندوں کو ہدایت کی جا رہی ہے کہ ان کے دفاتر کے دروازے عوام اور مزدوروں کے لیے ہمیشہ کھلے رکھے۔ مزدور کی خوشحالی ہی پاکستان کی خوشحالی ہے۔ ہماری جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ہر مزدور کو اس کا پورا حق نہیں مل جاتا۔ آپ کی محنت

بقیہ 1

شہداء اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت پر دلی رنج وغم ہے۔ ان کی قربانی اور قومی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، جبکہ ان کی شہادت ملک وقوم کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ شہداء کے سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 2

منعقد ہوا، جس میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، تعلیم وصحت کی سہولیات، عوامی خدمات کی فراہمی اور ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کر کے انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ گوپت واٹر سپلائی اسکیم کو یکم اپریل 2027 تک ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو پانی کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے سوئی میں نئے گرلز ہائی اسکول کے قیام کے لیے ضروری اقدامات کرنے اور سوئی رنگ روڈ کے اطراف شجرکاری اور جنگلات کے فروغ کے لیے موثر اقدامات اٹھانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے انڈس ہسپتال سوئی کو ایمبولینس فراہم کرنے اور وہاں اضافی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کرے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دور دراز علاقوں میں فعال کیے گئے لیبر رومز کی فعالیت برقرار رکھی جائے اور زچہ و بچہ کی صحت سے متعلق سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ خواتین کو اپنے علاقوں میں ہی طبی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 3

آرٹیکلز شامل کیے تھے، وفاق نے آئین کے تحت اقدام اٹھایا ہے اور کوئی غیر آئینی کام نہیں کیا، ہم اس اقدام کی حمایت کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات کا موازنہ کیا جارہا ہے تاہم دونوں صوبوں میں دہشت گردی سے نمٹنے اور حکومتی ذمہ داریاں ادا کرنے کے حوالے سے واضح فرق ہے۔ پورا پاکستان سن لے کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات اور دونوں صوبائی حکومتوں کے کردار کا کوئی موازنہ نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا اقدام صرف امن وامان کی صورتحال کی بنیاد پر نہیں بلکہ حکومتی کردار ادا نہ کرنے کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کے لیے مختص فنڈز سے سوشل میڈیا ٹیم بنائی گئی، جبکہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سکیورٹی اداروں کو حکومتی معاونت، موثر قانون سازی اور بیانیے کی تشکیل میں تعاون فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت کو اپنی ذمہ داری قبول کرنا ہوتی ہے۔ بلوچستان میں حکومت اس جنگ کو اپنی جنگ سمجھتے ہوئے اس کی ذمہ داری قبول کرتی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا میں ایسا نہیں کیا جارہا۔

بقیہ 4

حلف لے لیا۔ اس سلسلے میں گورنر ہاس کوئٹہ میں حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن، رکن بلوچستان اسمبلی نعیم بازئی اور ایڈووکیٹ جنرل عبداللطیف کاکڑ نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبائی منتخب کا ادارہ شہریوں کی شکایات کے ازالے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور سرکاری محکموں میں انتظامی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ انہوں نے نئے صوبائی محتسب پر زور دیا کہ وہ شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے لیے ادارے کی کارکردگی کو مزید موثر بنائیں۔

بقیہ 5

میں دو پائلٹس کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں سے افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں۔ صدر مملکت نے میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 6

جس کی صدارت انہوں نے خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کے ہمراہ مشترکہ طور پر کی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے میں دہشت گردی کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے خیبر پختونخوا پولیس اور کاؤنٹر ٹیرارزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی استعداد کار بڑھانے کی خاطر ہر ممکن تعاون کرے گی، جس میں ضروری وسائل اور ساز وسامان کی فراہمی بھی شامل ہے۔ انہوں نے مادر وطن کے تحفظ کے لیے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران عظیم قربانیاں دینے پر خیبر پختونخوا پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس فورس نے سنگین سکیورٹی چیلنجز کے باوجود مثالی جرات اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ سید محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کا حصول اس وقت زیادہ مؤثر طریقے سے ممکن ہے جب صوبائی حکومت ٹھوس، مربوط اور مسلسل کوششوں کے ذریعے اس لعنت کا مقابلہ کرنے میں قیادت کرے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ گزشتہ حکومت کی دہشت گردی کے خلاف کمزور اور غیر مؤثر حکمت عملی کے باعث گزشتہ ڈھائی سالوں کے دوران خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی صورتحال خراب ہوئی ہے۔

بقیہ 7

پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار نعمان اور خالد شہید جبکہ پولیس اہلکار جنید، راہ گیر عطا محمد اور حارث زخمی ہوگئے۔ فائرنگ کے بعد پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی نعشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کردیا گیا جہاں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں جبکہ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 8

کے لیے علاقائی سطح پر مل کر کام کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشترکہ دریاؤں و مشترکہ خطرات کے حوالے سے وسیع تر بین الاقوامی تعاون ضروری ہے، قومی اور بین الاقوامی تنظیمیں آفات سے نمٹنے کی بھرپور تیاری کو اپنے کام کا بنیادی جزو بنائیں، پاکستان موسمیاتی آفات کے خلاف جدوجہد میں محض متاثرہ ملک نہیں بلکہ ایک رہنما ملک بن سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بات قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہی جو ہر سال 13 اکتوبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ آج ہم ایک ایسے دن کو منا رہے ہیں جو پاکستان کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے، ہم سیلابوں، زلزلوں، شدید گرمی کی لہروں اور خشک سالی سے گزرے ہیں، ہم آفات کے باعث زندگیوں، گھروں اور امیدوں کو پہنچنے والے نقصانات کی قیمت جانتے ہیں، ہم نے سیکھا ہے کہ ہمیں محض ردعمل کا مظاہرہ نہیں بلکہ پہلے سے تیاری کرنی چاہیے، طویل عرصہ تک ہم آفات آنے کے منتظر اور پھر مدد کے لیے دوڑتے رہے، اب یہ کافی نہیں ہے۔

بقیہ 9

آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وائس آئی ٹی پارک اسلام آباد کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کی فراہمی اور آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وائس آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وائس آئی ٹی پارک کو ایڈیمیا اور انڈسٹری کے مؤثر اشتراک سے جدید آئیٹی ایکوسسٹم کا مرکز بنایا جائے۔ وزیراعظم نے یہ بھی ہدایت کی کہ وائس آئی ٹی پارک میں عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کی شراکت داری سے آپریشنز شروع کیے جائیں، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی وائس آئی ٹی پارک اسلام آباد کے منصوبے کا جامع کیس اسٹڈی کرے، وائس آئی ٹی پارک منصوبے کا تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کرایا جائے۔ آئی ٹی برآمدات میں اضافے اور اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے جامع ایکوسسٹم کی تشکیل پر اجلاس کو بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) کے تحت 50 نجی عمارتوں کو سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس میں اپ گریڈ کیا جاچکا ہے، ملک میں اسٹارٹ اپس کی معاونت کے لیے 8 انکیوبیشن سینٹرز قائم کیے جاچکے ہیں، آئی ٹی پروفیشنلز کو سہولیات کی فراہمی کے لیے 105 کو ورکنگ اسپیسز فعال ہیں، وائس آئی ٹی پارک اسلام آباد میں آپریشنز کے لیے عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں سے رابطے کیے جارہے ہیں، اجلاس میں وفاقی وزراء مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، عطاءاللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 10

تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیراعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پیمنٹ، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جاچکا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ٹیکسٹائلز، پیکیجڈ پانی، پیکیجڈ جوس اور پیکیجڈ دودھ کے شعبے میں نگرانی کا نظام نصب کیا جارہا ہے اور اس کے لئے آلات کی خریداری مکمل ہوچکی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سیمنٹ، پولٹری اور ٹائلز کے شعبے میں آلات کی خریداری 15 اکتوبر جبکہ چائے، گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور تیل وگھی کیلئے 30 اکتوبر تک خریداری مکمل کرلی جائے گی۔ اس طرح ان تمام پیداواری شعبوں میں نگرانی کے نظام کو رواں برس 31 دسمبر تک مکمل فعال کردیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکسٹائل کے شعبے میں جہاں بہت سی صنعتوں نے نگرانی کے نظام کی تنصیب میں مزاحمت کا مظاہرہ کیا وہیں نشاط ملز، الکرم ٹیکسٹائل، الکرم کاٹن ملز، J.K. سپننگ ملز، صورتی انٹرپرائز، انٹرلوپ لمیٹڈ، فیصل سپننگ ملز، ابراہیم فائبرز لمیٹڈ، سفائر ٹیکسٹائل لمیٹڈ اور نشاط چونیاں نے حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے رضاکارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کیا۔ وزیراعظم نے ان صنعتوں کے اس اقدام کی تعریف کی۔ وزیراعظم کو ٹیکس وصولی اور ٹیکس کی استعداد کے مابین فرق پر جائزہ رپورٹ بھی پیش کی گئی جس میں ملک کی ٹیکس استعداد کا تخمینہ پیش کیا گیا۔

بقیہ 11

آئندہ اقدام ہے جس سے خواتین کی معاشی وسماجی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، اور انہیں اپنے حقوق و فرائض سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس ضمن میں ضروری ہے کہ لیڈیز کلب بلوچستان کو دیگر متعلقہ سرکاری و غیر سرکاری اداروں، سماجی تنظیموں اور ڈونرز کے ساتھ موثر روابط استوار کریں تاکہ خواتین کی فلاح و بہبود، ہنرمندی کے فروغ اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے مشترکہ منصوبے شروع کیے جاسکیں۔ گورنر مندوخیل نے لیڈیز کلب بلوچستان کو فعال اور موثر بنانے کیلئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ خواتین کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور ان کی معاشی و سماجی ترقی سے متعلق اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ستارہ محمد حسنی کی قیادت میں خواتین کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں سابق رکن صوبائی اسمبلی زینت شاہوانی، روبینہ ابراہیم زہری، مہوش رند، انزلہ بلوچ اور عائشہ ضیاء □ قمدنرانی شامل تھیں۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو لیڈیز کلب بلوچستان کے اغراض ومقاصد اور مجوزہ سرگرمیوں سے آگاہ کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ کلب خواتین کو مثبت سماجی سرگرمیوں، پیشہ ورانہ روابط، ہنرمندی کے فروغ اور فلاحی منصوبوں میں شرکت کیلئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کریگا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خواتین کی معاشی خودمختاری، سماجی ترقی اور صوبے کی تعمیر وترقی میں ان کے موثر کردار کو مزید مستحکم بنانے کیلئے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل، ان کے حقوق کے تحفظ اور ترقی کے یکساں مواقع کی فراہمی کیلئے مشترکہ آواز بلند کرنا ضروری ہے تاکہ اجتماعی کوششوں کے ذریعے زیادہ موثر اور دیرپا نتائج حاصل کیے جاسکیں۔

بقیہ 12

گردی کے خلاف جنگ کر کے دنیا کو محفوظ کیا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، ہمیں انتہا پسندی کا سامنا ہے، پُرامن اور مستحکم افغانستان ہمارے مفاد میں ہے، پاکستان افغانستان میں امن کے لیے جو کیا اس سے ثابت ہے پاکستان حل نکال سکتا ہے۔ انسداد دہشت گردی کے بدلتے منظر نامے پر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی ایسا مسئلہ ہے جس کا ہم سامنا کر رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 100 ارب ڈالرز سے زائد معاشی نقصان اٹھا چکا، پاکستان نے کسی بھی قسم امن کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں انتہا پسندی کا سامنا ہے، پُرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے، پاکستان مختلف فورمز پر افغان رجیم کو دہشت گردی کے خاتمے میں کردار ادا کرنے کا کہہ چکا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے 40 سال تک 40 لاکھ افغانوں کی میزبانی کی، افغان مہاجرین کیلئے ہماری مہمان نوازی اور محبت کی دنیا گواہ ہے۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ افغانستان میں ٹی ٹی پی کے 6 ہزار سے زائد دہشت گرد پناہ لیے ہوئے ہیں، دہشت گرد افغان سرزمین پر محفوظ پناہ گاہوں میں مقیم ہیں، دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کررہے ہیں۔

بقیہ 13

میں جناح پیپلز ٹرین کو یارو تک توسیع دینے کی قرارداد، تعمیر نیو نیورسٹی کوئٹہ، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سے متعلق قوانین منظور کر لیے مختلف شعبوں کی آڈٹ رپورٹس بھی ایوان میں پیش۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر علی آغا نے جناح پیپلز ٹرین کو چلاک سے یارو ریلوے اسٹیشن تک توسیع دینے سے متعلق قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سے چلاک تک جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز عوام کے لئے اہم اور قابل تحسین اقدام ہے، پشین سے روزانہ بڑی تعداد میں طلبہ، ملازمین، مریض اور دیگر شہری کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں یارو سے پشین تک 12 کلو میٹر نیا ریلوے ٹریک بچھانے کے لئے عملی اقدامات کیے جائیں، ایوان نے جناح پیپلز ٹرین کو چلاک سے یارو ریلوے اسٹیشن تک توسیع دینے سے متعلق قرارداد منظور کرلی ۔ اجلاس میں تعمیر نو بیونیورسٹی کوئٹہ کا مسودہ قانون 2026 ایوان میں پیش کیا گیا جسے منظور کرلیا گیا۔ اجلاس میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کا مسودہ قانون 2026 منظور کرلیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ کی جانب سے صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ نے آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی جانب سے موصول شدہ آڈٹ رپورٹس برائے سٹیزن پارٹیسپٹری آڈٹ واسا سال 2025-26 ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن پروگرام فیز ٹو کی آڈٹ رپورٹ 2025-26، امپروونگ ہیلتھ کیئر سسٹم بلوچستان کی آڈٹ رپورٹ 2025-26 ایوان میں پیش کیں جنہیں پبلک اکاونٹ کمیٹی کے سپرد کردیا گیا۔ بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 14 اکتوبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کردیا گیا۔

بقیہ 14

جنگ ختم کرانے کے لیے ٹائٹی کی کوششیں تعطل کا شکار ہیں۔ ایران کی پاسداران انقلاب کی بحریہ نے ہفتے کی شب دعویٰ کیا کہ ایک نامعلوم سپر ٹینکر نے آبنائے ہرمز میں بحری سرنگ سے ٹکرانے کے بعد آگ پکڑ لی۔ ایرانی بحریہ کے مطابق جہاز بغیر اجازت مقررہ راستے سے ہٹ کر گزر رہا تھا اور اس کا نیوی گیشن نظام بھی بند تھا۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ آبنائے ہرمز کے سیکیورٹی ضوابط نظر انداز کرنے والے دیگر آئل ٹینکرز کو بھی اسی طرح کے نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ امن کے دنوں میں دنیا کی تقریباً پانچویں حصے کی تیل اور گیس کی رسد آبنائے ہرمز سے گزرتی ہے۔ کو ایرانی فوج کے ایک سینئر عہدیدار نے سرکاری ٹیلی ویژن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ 28 فروری کو امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کے آغاز کے 7 ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ایرانی افواج دفاعی اور جارحانہ کارروائیوں کے لیے تیار ہیں۔ ایرانی فوج کے چیف آف اسٹاف اور مشترکہ رابطہ کار جنرل حبیب اللہ سیاری نے کہا ہے کہ ایران دشمن کے بحری جہازوں کو نشانہ بنا چکا ہے اور ایران کے خلاف مزید کوئی کارروائی ہوئی تو دوبارہ حملے کیے جائیں گے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران آبنائے ہرمز اور خلیج عمان میں بحری جہازوں کے خلاف فوجی کارروائیوں اور اختیارات کے متعدد واقعات پیش آئے۔ ادارے نے بتایا ہے کہ متحدہ عرب امارات کی ریاست راس الخیمہ کے قریب موجود بحری جہازوں کے کپتانوں کو رات کے وقت ریڈیو پیغامات کے ذریعے لنگر انداز مقامات چھوڑنے کی ہدایت کی گئی۔ کی سہ پہر ادارے نے اطلاع دی کہ آبنائے ہرمز سے باہر نکلنے والے ایک آئل ٹینکر کو نامعلوم پرتابے نے نشانہ بنایا۔ دوسری جانب متحدہ عرب امارات نے بتایا ہے کہ اس کے ساحل کے قریب ایک نامعلوم آئل ٹینکر میں آگ لگنے کے بعد کوسٹ گارڈ نے عملے کے 22 ارکان کو بچالیا، تاہم آگ لگنے کی وجہ نہیں بتائی گئی۔

بقیہ 15

ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور ہلاکتوں کی عالمی سطح پر بھی تصدیق ہوگئی ہے۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کی خصوصی رپورٹ کے مطابق امریکی خفیہ ایجنسی (سی آئی اے) کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ ایڈمز نے بھی افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کردی۔ سارہ ایڈمز نے بتایا کہ پکتیکا اور کنڑ میں تین اہم مراکز پر پاک فوج کی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 19 دہشتگرد ہلاک اور 11 سے زائد زخمی ہوئے، ستمبر 21 کو پاکستان کے درست فضائی حملوں میں مشرقی افغانستان میں دہشت گردوں کے مضبوط ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کے مطابق ان حملوں میں خودکش بمباروں کا تربیتی کیمپ، سہولت کاری کا مرکز اور فتنہ الخوارج و داعش کا مشترکہ مرکز بھی تباہ ہوا۔ بین الاقوامی تحقیقات میں افغانستان میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں اور ان پر حملوں میں ہلاکتوں کی تصدیق پاکستانی مؤقف کی تائید ہے۔

بقیہ 16

کی ہے اپنے مذمتی بیان میں شاہد رند نے کہا کہ پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کا واقعہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس کانسٹیبل کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے شہید اہلکار کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں معاون برائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور فائرنگ میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اہلکاروں کی خدمات اور قربانیاں قابل قدر ہیں۔

بقیہ 17

دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دو پائلٹس کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں بابر یوسفزئی نے انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور اسٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر بیان میں دونوں ممالک سے جنگ بندی کی خلاف ورزی نہ کرنے کی اپیل کی ہے تاہم اس کی مدت اور نفاذ کے طریقہ کار کی تفصیلات نہیں بتائیں۔ ولادیمیر زیلنسکی نے کہا کہ اگر روس توانائی کی تنصیبات پر حملے روکنے پر رضامند ہوتا ہے تو یوکرین بھی اس کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ٹرمپ نے روسی صدر پیٹن سے اس معاملے پر اتفاق کیا ہے تو جنگ بندی کے آغاز کا وقت بتایا جائے، یوکرین اسے قبول کرے گا۔ زیلنسکی نے کہا کہ میں نے کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی، نیٹو کے سیکریٹری جنرل مارک روٹے اور فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر اسٹب سے بھی اس معاملے پر بات کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یوکرین کشیدگی میں کمی، انسانی جانوں کے تحفظ اور جنگ کے خاتمے کے لیے اقدامات کی مکمل حمایت کرتا ہے اور امریکی حکام سے جنگ بندی کی تفصیلات ملنے کا انتظار کر رہا ہے۔ دوسری جانب وائٹ ہاؤس اور روسی حکومت کی جانب سے فوری طور پر صدر ٹرمپ کے اعلان کی تصدیق سامنے نہیں آئی ہے جبکہ برطانیہ اور کینیڈا نے اس اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔

بقیہ 18

پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ سال اے آئی کی مدد سے کیے جانے والے سائبر حملوں میں اضافہ ہوگا۔ اماراتی میڈیا کے مطابق بل گیٹس نے کہا کہ اگرچہ مصنوعی ذہانت کے قابو سے باہر ہونے کا خطرہ طویل مدت میں تشویش کا باعث ہے، تاہم فوری طور پر زیادہ خطرہ ان عناصر سے ہے جو مناسب حفاظتی اقدامات کے بغیر موجودہ اے آئی نظاموں کا غلط استعمال کر رہے ہیں، بل گیٹس نے کہا کہ آئندہ سال مصنوعی ذہانت سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا شعبہ سائبر حملے ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سب سے بڑا خطرہ بدنیتی پر مبنی افراد کی جانب سے جدید اے آئی ماڈلز کے غلط استعمال میں ہے، خاص طور پر جب ان میں موجود حفاظتی کنٹرولز اور اقدامات ختم کر دیے جائیں۔ بل گیٹس نے خبردار کیا کہ جدید ترین اے آئی ماڈلز تک غیر محدود رسائی کے نتیجے میں آئندہ سال خصوصاً سائبر سکیورٹی کے شعبے میں متعدد منفی اور غیر متوقع صورتحال سامنے آسکتی ہے۔

بقیہ 19

آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثی ملیشیا کے ایک ہزار 732 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 900 سے زائد حوثی ہلاک ہوئے۔ یمنی فوج کے بیان کے مطابق آپریشن فجر الیمن کے نتیجے میں وسیع ترفوجی کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ مزید کہا گیا ہے کہ حوثی ملیشیا کے تقریباً 300 فوجی گاڑیوں اور آلات کو تباہ یا ناکارہ بنا دیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ یمنی فضائیہ نے مارب کے جنوب مغربی محاذوں پر حوثی ملیشیا کی بیرکوں اور گوداموں کو بھی نشانہ بنایا۔

بقیہ 20

کے شہریوں کی وسیع تر سہولت کے پیش نظر توسیعی کام جاری رکھا جائے۔ چیف جسٹس بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے آئینی درخواست نمبر 824/2016 کی سماعت کے دوران منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ سماعت کے موقع پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل، منصوبے کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کے مشیر اور ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر سمیت متعلقہ حکام وکلا پیش ہوئے اور عدالت کو پیش رفت وتعمیل رپورٹس سے آگاہ کیا۔ سماعت کے دوران عدالت کو بتایا گیا کہ زرغون روڈ پر اسفالٹنگ ویئرنگ کورس کا کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ سائن بورڈز کی تنصیب جاری ہے۔ بعض مقامات پر سائن بورڈز کی تنصیب کا کام ٹھیکیدار کی جانب سے مطلوبہ سامان فراہم کیے جانے کے بعد مکمل کرلیا جائے گا۔ عدالت کو مزید بتایا گیا کہ یک طرفہ ٹریفک کی خلاف ورزیوں کی روک تھام کے لیے یوٹرنز پر اسپائکس نصب کیے جا رہے ہیں، جن کی تکمیل کے لیے 30 اکتوبر 2026ء کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ سمنگلی روڈ کی توسیع کے حوالے سے پراجیکٹ ڈائریکٹر کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ کام جاری ہے، تاہم کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کی جانب سے مطلوبہ تعاون نہ ملنے کے باعث سڑک کو مجوزہ چوڑائی تک وسیع کرنے کا کام شروع نہیں ہوسکا۔ فی الحال ان حصوں پر کام کیا جا رہا ہے جہاں اضافی اراضی کے حصول کی ضرورت نہیں ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے وکیل نے تعمیلی رپورٹ پیش کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ دستیاب اراضی پر ضرورت کے مطابق کام کیا گیا ہے اور توسیعی کام کو روکا نہیں گیا۔ انہوں نے بتایا کہ سمنگلی روڈ کی توسیع کے لیے درکار اضافی اراضی کے معاوضے کا تخمینہ لگانے کے معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں معاوضے کی رقم کا تخمینہ جلد از جلد مرتب کرنے پر اتفاق کیا گیا تھا۔ عدالت نے اپنے ریمارکس میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ سمنگلی روڈ کی توسیع جیسے عوامی اہمیت کے منصوبے میں متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کے حوالے سے اختلافات کیوں برقرار ہیں۔ عدالت نے نشاندہی کی کہ صوبائی حکومت اپنے وسائل سے کوئٹہ کے شہریوں کی سہولت کے لیے سڑکوں کی توسیع پر کام کر رہی ہے، جبکہ سمنگلی روڈ کی توسیع سے